۷۸۶

سلسلۂ انجمن ارباب اردو

آداب شاعری

(تالیف)

خاکسار عالی رفاعی

حیدرآبادی

سنہ ۱۳۴۴ ہجری

مطبوعہ چشتیہ پریس
(چھتہ بازار حیدرآباد دکن)

فہرست مضامین آدابِ شاعری

(مقدمہ آدابِ شاعری)

(آدابِ شاعری)

فرو گذاشت

(مقدمہ)

صہ ۱ سطر (۵) کسی کی جائے لسی لکھا ہے ؛ صہ ۱۱ سطر (۱) حیات کی جائے حیات لکھا ہے -

صفحہ ۱ سطر آخر اس کے کی بجائے اس کی لکھا ہے
صفحہ ۱۷ " (۶) تصنع کی بجائے تصنیع "
صفحہ ۱۷ " (۱۵) پر ... کو پر ... سے "
صفحہ ۲۰ " (۱۴) مصرع کی جگہ مصرعوں "
صفحہ ۲۹ " (۱۴) ذم کو ضم "
اور سطر آخر کے بعد ایک فقرہ رہ گیا ہے
ف۔ لفظی تعقید اور معنوی تعقید کی مثالیں اہمیت ہے
صفحہ ۳۲ سطر (۱۳) عدم کے پہلے آور رہ گیا ہے۔
صفحہ ۳۳ " (۱) صاحبان کو جبان لکھا گیا ہے
صفحہ ۳۴ " (۶) میں خود اضافہ ہے۔
" " (۱۴) شاعروں کی جگہ شاعروں لکھا ہے۔
" " (۱۵) میں کو ہے لکھا ہے۔
صفحہ ۳۹ سطر (۱۳) جن سے "طبیعتیں" اضافہ درج ہے

(آداب شاعری)

صفحہ (۲) خصوصیات بعض پیغمبران کے تحت سطر آخر میں طوفان نوح کے بعد سفینہ نوح رہ گیا ہے۔
صفحہ (۵۶) آخر سطر کے بعد ایک سرخی رہ گئی۔
طالع وبخت نحس۔ زبون۔ واژگوں۔ سیاہ خوابیدہ۔ بد۔ منحوس۔ نارسا۔ نامبارک۔ ناہنجار۔ خفتہ۔ خزاں نما۔ مفلس۔ ناموافق۔ سبز۔ بد خواہ۔ آرام پسند۔ خواب پسند۔ ناکام۔ قلب کافر۔ بے نور۔ ناکام۔ غم نصیب۔
صفحہ (۷۹) کی آخر سطر میں ہم عناں۔ ہم مشق۔ ہم سفر۔ ہم رکاب۔ ہمدرد۔

صفحہ ۱۲۰۔ سطر (۷) بعید کی جائے بجید لکھا گیا ہے
" ۱۳۰ " (۱۰) اصطلاح " اصلاح "
" ۱۳۵ " (۱) صفت " صنعت "
" (۱۵۶) " (۲) لیے کو لے "
" " " سطر آخر فعلن کو فعلون "
" ۱۵۷ سطر (۱) میں کو ہیں "
" " " (۴) فص " فصل "
" ۱۶۲ " (۹) (فاعلان) کو مفاعلان "
" " " (۱۴) فاعلات کو فاعلاتن "
" " " (۱۵) سب سے آخر کا مفعولان مفعولن ہونا چاہیے۔
صفحہ ۱۶۴۔ سطر (۳) مفاعیلن مفاعیلن۔ کی جائے مفاعیل مفاعیل درج ہے۔
صفحہ ۱۶۴۔ سطر آخر۔ مفعول آخر کی جگہ فعول ہونا چاہیے۔
صفحہ ۱۷۵۔ (فٹ نوٹ میں) کاؤس کو کاؤں لکھا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

۱۔ تمہید

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم المرسلین شفیع المذنبین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ الطاہرین وازواجہ المقدسین واصحابہ المکرمین۔

یہ خاکسار سید محمد محب اللہ الرفاعی الحسینی عرف میر منور علی خاں المتخلص بہ عالی حیدرآبادی گیارہ سال کی عمر سے اس فن شریف شعر گوئی کی طرف رجوع ہے۔ اور اکثر اوقات اس فن کے اساتذہ سے جو جو علمی و ادبی معلومات حاصل ہوتے رہے اُن میں سے اکثر اور اپنی ضرورتوں کے لحاظ سے جن متفرق کتب سے اسماء و اعلام و الفاظ بہم ہوتے رہے اُن میں سے بیشتر حصہ قلمبند کرتا رہا۔

مگر یہ گوہر غلطاں بصورت پریشاں یہ علمی اوراق غیر مرتب تھے۔ ایک

سید محمد کاظم حسین شیفتہ سہروردی مرحوم (کنتوری) نے، اُن اوراق پریشان کا مطالعہ فرمایا تو ان علمی جواہر ریزوں کو مربوط و مسلسل کرنے کی تاکید فرمائی، اور پھر بعد تہذیب مطالعہ فرما کر بہت کچھ اپنے قیمتی معلومات سے زینت بخشی۔

حتی الامکان اس کتاب میں شاعری کے متعلق ہر قسم کی سہولتیں پیدا کر دی گئی ہیں۔ مثلاً تشبیہات مناسبات، استعارات، کنایات، لوازماتِ حسن و عشق، صفاتِ عاشق و معشوق، متعلقاتِ شاعری، لوازماتِ باغ و بہار، بعض الفاظ کے مرکبات و ملحقات، مصطلحات، اور بعض الفاظ کے مرادفات، صنائع و بدائع کا کچھ حصہ مثلاً تجنیسات، الفاظ منقوطہ و غیر منقوطہ، مقلوبات، وغیرہ اور اسمائے علوم، اسمائے پیشہ وراں، بعض الفاظ کے کثرتِ معنی کا بیان، مختصر عروض وغیرہ۔

صفات و تشبیہات وغیرہ کی صراحت و تفصیل کو اہلِ سخن کے مذاقِ سلیم پر چھوڑ دیا ہے۔ جیسے کہ آفتاب کی صفت درخشاں ہے، زرینہ طشت تشبیہہ ہے۔ ترک رو کنایہ ہے۔ زرین ساغر استعارہ ہے۔

اس کتاب کو ایک مقدمے اور پانچ باب ترتیب دیا گیا ہے، جس کی کامل صراحت فہرست میں درج ہے۔

گو رموز سخن کو سہل اور عام فہم بنانے کی خاطر بعض حضرات کے ادبی ذخائر رسائل کی صورت، ادبی دنیا میں موجود ہیں، مگر اس کتاب میں اکثر ایسی چیزیں ایک جگہ جمع کر دی گئی ہیں جن کا ایک سفینے میں ملنا مشکل تر ضرور ہے۔

اس گنجینے سے ناظم و ناثر، صنائع بدائع کے خواہشمند، رنگین عبارت کے دلدادہ، کم استطاعت اور زیادہ معلومات والے اصحاب یکساں فائدہ حاصل کرسکتے ہیں بشرطیکہ یہ کچھ لئے راہ نما ہے تو منتہیوں کیلئے یادداشت کا ذخیرہ، یا خیال سے اُترے ہوئے الفاظ و معلومات کا ایک لغت کہلاسکتی ہے۔

میرا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ میں نے کتاب زیرِ نظر کو مکمل بنایا ہے، ممکن ہے اور بہت ممکن ہے کہ مجھ سے بعض چیزیں رہ گئی ہوں، قاعدہ ہے کہ انسان کی کوئی فکر اور کوئی خیال مکمل نہیں ہوتا، اور انسان کے ہر کسبی کمال میں نقص ضرور رہتا ہے، کوئی انسان یہ دعویٰ نہیں کرسکتا کہ اُس کا کیا ہوا فلاں کام مکمل اور کامل ہے، کیوں کہ یہ صفت خداوند کریم قادرِ مطلق حق سبحانہ تعالیٰ کی ہے۔ ہاں بعض کے یہاں زیادہ کمی رہ جاتی ہے اور بعض کے یہاں شاذ و نادر، بعض جاننے والوں سے سہو نظری ہو جاتی اور بعض کی غلطیوں کا سبب لاعلمی ہوا کرتی ہے۔

خدا کرے یہ کتاب "**آداب شاعری**" اہل سخن و معنیٰ آفریں اصحاب کے کام آئے اور میری تلاش و جستجو جو کئی سال کی محنت ہے ٹھکانے لگے۔ اور آخر میں یہ کہنا ضرور ہے کہ **خذ ما صفا دع ما کدر**۔

یہ علم دوست عہد اس فرمارروا کا ہے جس نے نہ صرف سلطان العلوم ہی کا لقب حاصل کرلیا ہے بلکہ اپنی حقیقی علم پروری سے کلیۂ جامعۂ عثمانیہ جیسا علوم و فنون کا دریا بہا دیا ہے۔ یہ ایسا بحرِ زخار ہے جو کسی مذہب و ملت، شہروں اور ملکوں کی تخصیص کا ...

عقل کی پیراکی سے اپنے اپنے حوصلے کے موافق درشہوار دگوہر مقصد حاصل کرسکتا ہے۔

اُردو زبان کی سرپرستی اس سے بڑھ کر آج تک ہندوستان کے کسی حصے میں نہیں ہوئی اور نہیں ہوسکتی کیوں کہ کلیہ جامعہ عثمانیہ ایجاد ہے اور ایجاد کے بعد اختراعات کی حد نہیں ہوا کرتی۔

۲۔ زبان۔

انسان کا ہر عضو ایک نعمت ہے، زبان تمام اعضا میں درجۂ امتیاز رکھتی ہے۔ ہر خواہش کا کامل طور سے اظہار کرنا بھی اس کا خاص کام ہے۔ انسان کے جیسے خیالات اور خواہشات ہوں گے زبان سے اس کا اظہار بھی ویسا ہی ہوگا۔ ”زبان“ کے دوسرے معنی ایک خاص قسم کی بول چال کے ہیں مثلاً اہل عرب کی زبان عربی ہے اور اہل ایران کی زبان فارسی ہے۔ اس کے یہ معنی کہ ہر ایک قوم یا اہل ملک نے اپنے اپنے حدود میں عرفیت اور تعرف کے لئے ہر ایک شئے کا ایک ایک جدا جدا نام رکھ لیا ہے، اُسی محدود رقبے والوں کے لئے وہ ایک زبان مقرر ہوگئی ہے۔

لیکن صرف اشیا کا جدا جدا نام رکھلینا ہی کافی نہیں ہو سکتا کیوں کہ زبان اس سے مکمل نہیں ہوتی، اظہار مطالب کے لئے صرف ونحو کی بھی ضرورت واجب ہوتی ہے، اس لئے کہ اسمار وصفات کی تکمیل، فعل وفاعل کی تخصیص، تقدیم وتاخیر کی ضرورت الفاظ صحیحہ وناقصہ کے روابط، عطف واضافت اور زمانی ومکانی حالتوں کی تشکیل

وغیرہ یہ ایسی چیزیں ہیں کہ جب تک اور الفاظ مقرر نہ کر لئے جائیں، مشخصہ اور مقررہ آواز پر حرف، لفظوں میں، اور الفاظ جملوں میں منضبط نہیں ہو سکتے۔

مانا کہ کوئی زبان غیر مہذب ہی کیوں نہو مگر اس کی بساط کے موافق اس میں بھی صرف و نحو کو ضرور دخل ہوتا ہے۔

۳۔ ضرورت لغت۔

اپنی زبان میں بھی بعض اوقات اکثر لوگ جُہلا کی زبان سے سُنے ہوئے الفاظ کو جو دراصل غلط ہیں صحیح سمجھ لیتے ہیں۔ ان الفاظ کی صحت وعدم صحت کا خیال نہیں کرتے اس لئے لغت کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو صحت الفاظ کے لئے واجبات میں سمجھا گیا ہے، مگر ہر زبان کا لغت اُسی زبان کے مستند اہل زبان کا مرتبہ ہونا افضل ہے۔

چنانچہ عربی زبان کے وہ لغت جو اہل فارس کے مرتبہ ہیں اہل عرب کے مرتبہ لغت سے اور فارسی زبان کے وہ لغت جو اہل ہند کے مرتبہ ہیں اہل فارس کے مرتبہ لغت سے نسبتاً غیر محقق اور غیر مستند سمجھے جاتے ہیں۔

۴۔ اردو۔

جو تمام ہندوستان کی ایک بہت بڑی اور عام زبان ہے، عربی، فارسی، مرہٹی، سنسکرت وغیرہ صرف ایشیا ہی کی زبانوں سے اس کا خزانہ معمور نہیں بلکہ دنیا کے کئی براعظم کے سکے اس کے خزانے میں داخل ہیں اور معناً

ہونا بھی ایسا ہی چاہیئے۔ لیکن اکثر ادبائے اردو، اور رموز دانانِ سخندانی کا خیال ہے کہ جو چاشنی اور لطافت برّاعظمِ ایشیا کی زبانوں میں ہے وہ اور براعظم کی زبانوں میں نہیں ہے اور اس خاکسار کا بھی یہی خیال ہے۔

گو اس وقت تک انگریزی زبان کے صدہا الفاظ اردو میں داخل ہو چکے ہیں مگر ان میں اکثر ناواجبی ہیں۔ بعض اصحاب کا خیال ہے کہ انگریزی الفاظ کا کثرت سے اردو میں شامل ہو جانا خرابی کا باعث نہیں بلکہ وسعت کا ذریعہ ہے۔

باریک بین اصحاب غور کر سکتے ہیں کہ ہماری زبان اردو میں جب ایک ایک لفظ کے کئی کئی مرادفات موجود ہیں اور لطیف و فصیح الفاظ و محاورات مروج ہیں تو یہاں وسعت زبان کا خیال کہاں تک صحیح ہو سکتا ہے۔ ہاں! علمی اصطلاحیں اور فنی اسما کے مرادفات مقرر کرنا وسعت کا سبب ہو سکتا ہے اور وہ بعض الفاظ مثلاً ریل، ٹکٹ، اسٹیشن، ٹیلیفون، فٹ بال وغیرہ جو اردو زبان میں اس طرح مروج ہیں کہ اردو کی خاص ملک سمجھنا چاہیئے۔ بس ان ہی الفاظ پر اکتفا ہونی چاہیئے یا اسی قسم کے اور الفاظ جو علمی اور فنی اصطلاحیں ہوں اور ہماری زبانوں پر ثقیل بھی نہوں یا اُن کے مترادف الفاظ اردو میں موجود نہوں غیر زبانوں سے لے لینا ایک حد تک ناموزوں نہیں ہے۔

۵۔ ادائے مطالب کے لئے زبان کا انتخاب

ہر انسان اپنے ضروریات اور خواہشات کے اظہار کرنے اور اپنا مطلب بیان

کرنے کے لئے بیساختگی اور سہولت کا جویا ہوتا ہے، یہی فطرت ہے۔ کیوں کہ ہر شخص کے لئے پڑھا لکھا ہونا قابل ہونا اور کئی زبانوں سے واقف ہونا لازمی نہیں ہے ایسی صورت میں ہر انسان کا اس زبان کی طرف مڑ جانا جس کو وہ بچپن سے بولا کرتا ہے اور جس بولی کا گھر میں رواج ہے اور جس بولی کے بولنے والوں سے رات دن سابقہ پڑتا رہتا ہے ضرور ہے، کیوں کہ اُسی کا وہ اہل زبان کہلاتا ہے۔

پھر تو یہ کلئے میں داخل ہو گیا کہ ہر ایک کے لئے اس کی مادر وطن کی زبان ادائے مطالب میں بدرجۂ اتم کارآمد ہوتی ہے۔ اور غیر زبان جو کبھی ہوا کرتی ہے اس کے استعمال میں تکلف و تصنع سے کام لینا پڑتا ہے۔

مادر وطن کی زبان ہی ادائے مطالب و ضروریات میں ضروری سمجھی گئی تو ہر ایک کے لئے شعر گوئی بھی اسی زبان میں مناسب ہے۔ اس لئے کہ شعر گوئی بھی اپنے خواہشات و جذبات کو ایک موزوں صورت میں ادا کرنے کا نام ہے۔

۶۔ شاعری کے لئے اوزان و بحور

بعض اصحاب کا خیال ہے کہ اردو شاعری کے لئے بجائے عربی اور فارسی بحور کے ہندی عروض پنگل کے اوزان بہتر ہیں۔ اور اپنی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ طبعی اوزان نسبتاً غیر طبعی اوزان کے موزوں ہیں۔ [illegible] قاعدہ ہے کہ کوئی زبان بن نے سکے ایک مدت بعد اس زبان کے الفاظ اور اُن کے اوزان کو ملحوظ رکھ کر عروض کے اوزان مرتب کئے جاتے ہیں

اور وہی اوزان اُس زبان کے لئے طبعی ہو سکتے ہیں۔

یہاں یہ دیکھنا ضرور ہے کہ الفاظ اردو کی ساخت کس قسم کی ہے؟
غریب اردو کی بساط ہی کچھ نہیں غیر کے املاک پر قابض ہو جانا اس کا قدیم سے شعار ہے۔ عربی، فارسی، مرہٹی، بھاکا کے الفاظ اس میں ایکساں مستعمل ہیں مگر مرہٹی اور بھاکا اکثر ذرا تحریف وتصغیر کے ساتھ اور عربی وفارسی کمتر تحریف وتصغیر کے ساتھ اور اکثر بجنسہٖ۔ لیکن اس کے ضوابط صرف ونحو میں فارسیت کو زیادہ دخل ہے۔ اس لئے اردو شاعری کے لئے عروض وفارسی کے اوزان وبحور پوری مناسبت رکھتے ہیں:۔

ہندی عروض پنگل کے اوزان اردو کے لئے طبعی نہیں ہو سکتے:۔
پہلا۔ یہ کہ بھاکا میں ابتدا بسکون ممکن ہے جس سے ہر لفظ پر نونِ غنہ کی آواز پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اردو میں ناممکن۔

دوسرا۔ یہ کہ بھاکا میں لفظ کا آخر متحرک بھی رہتا ہے۔ اور اردو میں غیر ممکن۔
تیسرا۔ یہ کہ بھاکا میں توالی حرکات کا بھی وجود ہے جس کی گنجایش بھاکا اوزان میں رکھی گئی ہے۔ اور اردو میں محال۔

ان تینوں صورتوں سے ظاہر ہے کہ اردو کے لئے ہندی عروض پنگل کے اوزان غیر طبعی ہیں کیوں کہ ہندی عروض کے اوزان میں ہندی الفاظ کی گنجایش رکھی گئی ہے جو اردو سے مختلف النوعیۃ ہیں۔

اور خاص عربی کے بحور بھی اردو کے لئے غیر طبعی ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ عربی میں بھی توالیِ حرکات کی کثرت ہے اور باوجود کثیر التعداد زحافات کے اہلِ عرب اپنی ضرورتوں کے لحاظ سے مفاعلن کو فعلتن ۔ اور فعلتن کو مفتعلن ۔ اور مفتعلن کو مستفعلن بنا لیتے ہیں۔ لیکن فارسی والوں نے عربی سے عروض حاصل کر کے ایسا جکڑ دیا کہ اس میں سوائے زحافات کے اس قسم کی تصغیر و تکبیر ارکان کا جواز نہیں رکھا۔

پس اردو شاعری کے لئے فارسی اوزان و بحور صرف موزوں ہی نہیں بلکہ طبعی اوزان ہیں۔

۷۔ حسن و عشق۔

حسن و عشق کا مسئلہ اس سے زیادہ سلیس طور پر سمجھانا مشکل ہے کہ حسن و عشق تخلیقی اور فطری طور پر آپس میں ایک کشش رکھتے ہیں۔ حسن مقناطیس ہے اور عشق فولاد۔ مقناطیس کی طرف کھنچتے وقت فولاد کی جو بےتابانہ از خود رفتگی رہتی ہے وہی حال عشق کا ہے۔

حسن کے لئے کچھ ضرور نہیں ہے کہ کوئی عاشق ہو، اور عشق کے لئے حسن کا ہونا ضرورتر اور لازمی ہے۔ اس لئے عشق کے چار درجے ہیں، الفت محبت، عشق، جنوں۔ اور حسن ہر درجے میں حسن ہی ہے۔

بعض کا خیال ہے کہ حسن بجنس محرکِ عشق ہے اور بعض کی رائے ہے کہ

موجودات کا ذرہ ذرہ حسن سے مملو ہے۔ مگر حسن تو جہہ کی ضرورت ہے۔ صاحبانِ عرفان سمجھ جائیں گے کہ یہ درجے۔ ہمہ اوست، یا، ہمہ از دست، یا۔ ہمہ دروست۔ کے ہیں مسائل فلسفی کے دلائل سے ایسا کہنا حقیقی نہیں بلکہ مجازی پہلو ہے۔

غرض کہ حسن، ہجنس کے علاوہ کوئی لیلی ورحسن سے بھی فائدہ حاصل کرسکتا ہے اور مقید نہیں کیا جاسکتا۔ شاعر کو اختیار ہے کہ۔ آفتاب، مہتاب، دن، رات، سردی، گرمی، کوہ، صحرا، بہار، خزاں کے مناظر کو قلمبند کرے اور اُن کا نام فطری میلان طبع یا فطری نظم رکھے، یا کسی قوم یا ملک کی تمدنی، تعلیمی، اخلاقی کمزوریوں کا احساس کرکے نظمیں لکھے تاکہ ان کے مخاطب خواب غفلت سے بیدار ہوں۔ اور ان نظموں کو اخلاقی نظمیں کہا کرے۔

۸۔ حقیقی وجدان۔

حسیات کی انتہا، رنج وغم کا وفور یا عیش ومسرت کی شدت پر حقیقی وجدان حرکت میں آتا ہے۔ جب ہی اظہار واقعات ومطالب میں اثر پیدا ہوتا ہے اور سنی سنائی باتوں یا دیکھے دکھائے واقعات ذاتی حسیات وکیفیات سے تاثیر میں کم ہوتے ہیں یہی فطرۃ ہے۔ اس لئے صاحبان نقد ونظر دریافت اثر کے پہلو سے حقیقی وجدان کا پتہ لگا لیتے ہیں۔

مگر سکا [illegible] سکے ہے ۔ یہ حقیقی وجدان طاری ہوتا ہے اس کی حسیات کا

پتہ صحیح صحیح طور سے ملنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ کیوں کہ حقیقی حیات سے متاثر ہونے والا جن اثرات سے متاثر ہوا ہے، صاحب نقد و نظر، دوسرے کی کیفیت اپنے آپ پر طاری نہیں کر لے سکتا۔ اور ایک کے اندرونی حیات و جذبات جو کسی اہم واقعے کی وجہ لاحق ہوئے ہیں صاحب انتقاد اپنی ذات پر کس طرح مسلط کر لے سکتا ہے؟ لیکن یہ حقیقی وجدان کا جادو ہے کہ باوجود ایسا ہونے کے بھی گہرے غور سے کام لینے والا صاحب نقد و نظر اس کے حقیقی وجدان اور اس کے علمی معلومات اور اس زمانے کے عام مذاق کا پتہ لگا لیتا ہے۔ مگر ذاتی کیفیات سے کم اور بہت کم۔

۹۔ محرکاتِ شعر

جن طبائع میں موزونیتِ کلام کا مادہ فطرت کی طرف سے ودیعت ہے اور جن کا رجحان شعر گوئی کی طرف متوجہ ہے اُن کی طبیعتوں میں شعر گوئی کے لئے ایک موج آتی ہے اسی کو عوام شعر گوئی کی خواہش اور محقق حضرات تحریک شعر کہتے ہیں۔ مگر تحریک کے لئے ایک محرک کا ہونا ضروری ہے۔

الفت و نفرت، حسرت و ندامت، رغبت و ارادت، شوق و ذوق، عشق و جنوں، شجاعت و شہامت، خوف و رجا، رحم و کرم، غضب و عجب، ہم و غم، رشک و غور، طرب و نشاط، شرم و حیا، استعجاب و انفعال، عزم و استقلال، جو ہر انسان کی طبیعت میں موجود ہیں۔ اپنے اپنے موقع پر اُن میں اُتار چڑھاؤ

ہونا بھی ضرور تر ہے، پس اُن کی زیادتی یا کمی کے وقت جو کیفیت کہ انسان پر
طاری ہوتی ہے اُس کیفیت کے ایک پہلو کو تحریک شعر کہتے ہیں۔

۱۰۔ اغراض و مقاصدِ شعر۔

شعر کو اکثر اصحاب صرف غذائے روح اور حظِ نفس سمجھے ہوئے ہیں
مگر بعض اوقات شعر سے جو استعجاب و تحیر پیدا ہو جاتا یا کیا جاتا ہے، یا بعض ضرورتوں میں
شعر سے جو اغراض و مقاصد کا اظہار کیا جاتا یا ہو جاتا ہے۔ یا بعض موقعوں پر
شعر سے جو اشتعال پیدا کیا جاتا یا ہو جاتا ہے، عوام اس سے بے خبر ہوتے ہیں۔
تاریخ شاہد ہے کہ اسی شاعری کے ذریعے عرب نے کیا کیا کام انجام
دے ڈالے اور کیا کیا مطالب حاصل کر لئے۔ کہیں صرف رجز کہہ کر فتح حاصل کر لی۔
کہیں کسی کا مرثیہ کہہ کر مجلس کی مجلس کو آٹھ آٹھ آنسو رلا دیا مبہوت و متحیر کر دیا۔
کہیں کسی بادشاہ کی تعریف سے سیکڑوں کیا ہزاروں وصول کر لئے۔ کہیں کسی
حسین کی تعریف کی اور سامعین سے کثیر التعداد کو نادیدہ عاشق بنا دیا۔
ہاں جن کی اعلیٰ تخیل مضامین عالیہ اور بلند فکر کی حاکم ہوتی ہے اور
جو حضرات شعر کے ہر پہلو پر غائر نظر ڈال کر تفحص کر چکے ہیں وہ موقع و محل سے
شعر کا استعمال کرنا جانتے ہیں، ورنہ عام نظروں میں شعر گوئی گویا غزل گوئی کے
لئے ہے اور غزل گوئی یا زبان سخن گفتن و بس۔

۱۱۔ نفسِ شاعری۔

نفسِ شاعری واقعہ نگاری ہے۔ گر واقعہ نگاری کے لئے علمی استعداد
طبیعت کا موزوں ہونا۔ تحریک۔ شعر۔ یعنے احول کا جوش ضرور ہے۔ چاہے
عشق و محبت کا دور ہو یا غیض و غضب کا ظہور۔ ندامت و ملامت کا غلبہ ہو یا
لطف و کرم کی کثرت۔ الم و بیقراری کی شدت ہو یا مسرت و نشاط کی فراوانی۔
غرض کہ احول کا جوش موزونیت اور تخیل کا پہلو ڈھونڈے بغیر نکل جائے
مگر فطری موزونیت اس کلام کو ناموزوں ہونے نہ دے۔ اور تخیل جو جدت
کی جان ہے متکلم کے ہر ہر لفظ کو اپنے خاص رنگ اور خاص انداز سے متاثر
کرے بغیر نہ نکالے۔

مناسبت لفظی موجود ہے مگر ارادہ نہ تھا۔ تقطیع پیدا ہو گیا۔ عمداً نہیں۔
تجنیس ظاہر ہے مگر خواہش نہ تھی۔ یہی بے ساختہ پن ہے۔ یہی نفسِ شاعری ہے
لیکن یہ باتیں کب ہو سکتی ہیں؟ جب کہ ایک محض دل سے نکلی ہوئی بات ہو یا کسی
گہرے خیال یا انہماک کا نتیجہ۔ اور آپ بیتی ہو جگ بیتی نہ ہو۔

کم استعداد کی شاعری اور بے دلی کی شاعری سے اثر دور رہتا ہے اور
سامع کو ایسے شعر سننے سے نفرت سی ہونے لگتی ہے۔

لیکن یہ معلوم کر لینا بھی ضرور ہے کہ بعض طبیعتیں ہر وقت حاضر اور

اُن کے حیات ذرا سی تحریک کے محتاج رہتے ہیں۔ ایسے افراد کبھی نہ کبھی اساتذہ کی صف اوّل میں شمار کیے جاتے ہیں۔

۱۲۔ خصوصیاتِ غزل (وغیرہ)

حقیقۃً شاعری واقعہ نگاری ہے۔ اور واقعہ نگاری کے لئے اقسام نظم سے قصیدہ۔ مثنوی۔ مسدس۔ وغیرہ کے میدان ہیں۔ لیکن اصنافِ شعر میں صنفِ غزل عام حیثیت سے دلچسپ اور عام پسند ہے۔ اور خصوصیات غزل میں یہ بھی شامل ہے کہ ان دو مصرعوں میں چھوٹے چھوٹے لطیفے اور چھوٹے چھوٹے موزوں اور برجستہ جملے ہوا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ تسلسل مضامین سے اس کو واسطہ نہیں۔ مشکل زمین میں بھی اوسط درجے کی فکر کرنے والا دس گیارہ شعر نکال ہی لیتا ہے۔

بعض دلدادگانِ غزل کا قول ہے کہ جو شوخی اور لطیفہ گوئی غزل کے دو مصرعوں میں ہوتی ہے وہ نظم کے کسی اور صنف میں کہاں؟۔ واقعی ایک حد تک یہ ٹھیک ہے مگر جن کی طبیعتوں میں اطناب و وضاحت کی موج ہو وہ ایجاز و اختصار کی قدر نہیں کر سکتے۔ اور اجمال پسندوں کو تفصیل کا انداز بُرا معلوم ہوتا ہے لیکن نظرِ غور ظاہر کر دیتی ہے کہ اپنی بساط اور اپنے خیالات کے موافق انتخاب اصنافِ نظم ہوا کرے۔ ورنہ ہرزہ گوئی اور تضیع اوقات ہے۔

اکتۂ علم، استعداد۔ اساتذہ کی صحبت، مطالعے کی قوت، کثرت مشق،

وغیرہ یہ ایسی چیزیں ہیں کہ مضمون طرازی، جدت پسندی، اور اعلیٰ تخیل کی طرف راغب ہو کر دیتی ہیں، لیکن یہ درجہ خاص ہے اور عام طور پر متوسط استعداد یا کم استعداد والوں کی صحبت وغیرہ پیش پا افتادہ مضامین اور عامیانہ محاورات و الفاظ کی طرف جھکا دیتے ہیں۔ قابل افراد عوام سے گفتگو کریں تو بھی اپنا خاص رنگ نہیں بدلتے اور سامع خود سمجھ جاتا ہے کہ یہ شخص قابل افراد سے ہے۔ [۱]

خود میرے دماغ میں یہاں یہ بات آئی کہ حدیث شریف ہے۔ کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ۔ تو گویا قابل متکلم اپنے مخاطب سے پھر کس طرح گفتگو کرے جو اپنا نہج نہ بدلے؟ ہاں اس کے معنی یہ نہیں کہ خواہ مخواہ اپنا نہج بدل کر قابل اور لائق افراد میں شمار کرا لینے کی خاطر سنقل اور گرانڈیل الفاظ استعمال کیا کریں۔ بلکہ رفتہ رفتہ اس کا علم و فضل اور کثرت مطالعہ اور اساتذہ کی صحبت خود سنجیدہ اور معنی خیز الفاظ اور ثقہ محاورات و اصطلاحات بولنے کا عادی کر دیتی ہے۔ اور ان کا سنجیدہ الفاظ اور ثقہ محاورات کا استعمال کرنا کیا ان کو عامیانہ الفاظ و محاورات سے خبر نہیں؟ نہیں نہیں کیوں کہ اگر انھیں عامیانہ الفاظ و محاورات سے خبر نہ ہوتی تو وہ عامیانہ الفاظ و محاورات کے ترک پر مجبور نہ ہوتے۔ ایسی صورت میں سمجھ لینا چاہیے کہ عامیانہ زبان ہی بولنا

---

[۱] نقل۔ آب حیات میں لکھا ہے کہ :- میر تقی میر جب دہلی سے لکھنؤ جانے لگے ..... ریل میں ایک صاحب نے کچھ کہہ کر میر کو مخاطب کرنا چاہا مگر میر نے کچھ جواب نہیں دیا۔ مکرر متوجہ کرنا چاہا۔ تو جواب، ملا کہ گفتگو سے آپ کا وقت گذر رے گا اور میری زبان خراب ہو گی۔

اُن کا عامیانہ زبان سے باخبر ہونے کی دلیل ہے۔

ہاں بعض پڑھے لکھے بھی عامیانہ الفاظ برتتے ہوئے خوش ہوتے ہیں
عطف و اضافت کے استعمال سے عمداً چشم پوشی کرتے ہیں۔ میر اور داغ کے رنگ صفائی
اور سلاست میں ترقی کرتے کرتے ترک عطف و اضافت جا آن کی طرز پر اُتر آتے ہیں
اور کسی کا یہ مقولہ "غزل با معشوقان سخن گفتن است" ان کی زبان کا ورد ہوتا ہے۔
مگر دینے والا اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ ان کا معشوق جس طرح کی بولی سمجھتا ہے ویسی
ہی بولی بولتے ہیں۔ یا عوام سے طلب داد منظور ہوتی ہے۔ یا انیس و جلیس کو اپنا
کلام سمجھانا اور واہ واہ سے دل خوش کرنا مقصود ہوتا ہے۔

سمجھنا چاہیے کہ صفائی پسند کے خیال کی انتہا ایسے راستے کا رہرو بنادیتی
ہے جس کی ایک شاخ پھیکے پن اور بے اثری کی منزل پر پہنچ گئی ہے۔ اور دقیق
گوئی کا شوق جو حد سے تجاوز کرجائے بلاغت کے اس میدان میں پہنچا دیتا ہے جس کا نام
منزل معما ہے۔ حدیث شریف ہے خَیْرُالْاُمُورِ اَوْسَطُھَا بہر حال بین بین
احسن و انسب ہے۔

عطف و اضافت کا ترک یا قلت پسندی خواہ مخواہ حروف روابط کی زیادتی پر
مجبور کرے گی۔ چست بندش ہونا شعر کے محاسنات میں سے ہے۔ اور بندش کی چستی
کے لئے الفاظ کی کمی لازمی ہوتی ہے۔ اور الفاظ کی کمی کے لئے عطف و اضافت
لابدی شئی سمجھی گئی ہے۔ سلسلۂ سخن کہاں سے کہاں پر پہنچ گیا۔ آخری فائدہ یہ ذہن نشین

کر لینا چاہیئے کہ ہر بات اپنے موقع پر موزوں ہے اچھی معلوم ہوتی ہے اور مزا دیتی ہے۔

۱۳۔ مصرع لگانا۔

ایک ہی وقت پہلے پہلا مصرع اور بعد دوسرا مصرع موزوں ہو کر نکل جانا گویا ایک شعر بن جانا بھی ممکن ہے مگر اکثر ایسا کم ہوتا ہے۔ اور جو شعر اس طرح موزوں ہو جائے اس میں بے ساختگی ہوتی ہے۔ جو تصنیع کی ضد ہے یہی حسن کلام ہے۔

خصوصاً غزل گو شاعر پہلے ایک قافیہ انتخاب کرتا ہے۔ پھر اس قافیے کے لحاظ سے۔ جو جو مضمون کہ مناسبت رکھتے ہیں ان میں سے اپنی پسند کو مدنظر رکھ کر اس قافیے کو مصرع آخر میں موزوں کرتا ہے۔ اور اس کے بعد پہلے مصرع کی کوشش کرتا ہے۔

اس لئے غزل گو شاعر کو مصرع لگانے کی مشق ایک ضروری چیز ہے اور اچھا مصرع لگانا ایک بڑی بات سمجھی جاتی ہے۔

جب یہ طے ہو گیا کہ پہلی دفعہ دوسرا مصرع موزوں کیا جاتا ہے اور اس کے بعد پہلا مصرع لگانا پڑتا ہے تو مصرع لگاتے وقت تلاش مضمون یا محاورے وغیرہ کی جستجو شاعر کے دماغ کو منتشر کر دیتی ہے۔ اور شاعر جب دوسرے مصرع پر مصرع لگا چکتا ہے تو اپنی طبیعت کے بار اور تلاش کی محنت

فکرمند ہو کر اپنی دانست میں یہ سمجھ لیتا ہے کہ ہر دو مصرع مربوط اور مسلسل ہو گئے

مگر بعض اوقات جو قصور رہ جاتا ہے وہ اس وقت سمجھ میں نہیں آتا۔ اور وہ

قصور کئی قسم کا ہوتا ہے کبھی کسی چھوٹے یا بڑے لفظ کی گنجایش اس شعر میں نہ نکل سکی

اور ہر دو مصرع نامربوط وغیر مسلسل رہ گئے یا کہیں شعر دولخت ہو گیا۔ اور کہیں شعر

مہمل کے رتبے تک پہنچ جاتا ہے۔ کہیں کسی بہت لمبے چوڑے مضمون کو اختصار

کے ساتھ صرف ایک ہی شعر میں ادا کرنا چاہتا ہے اور اپنی دانست میں ادا بھی کر جاتا ہے

لیکن حقیقۃً وہ مضمون ادا نہیں ہوتا۔

بعض اوقات مجبوری طور پر ناخواستہ یا نامرغوب بحر یا غریب ردیف

قافیے میں خامہ فرسائی کرنی پڑتی ہے بعض شاعروں کی طرح دیر میں پہنچتی ہے

مگر غزل کہنا ضروری ہوتا ہے۔ بعض وقت احباب کی فرمایش سے فی البدیہ غزل

وغیرہ کہنی پڑتی ہے اور طبیعت اُس وقت موزوں نہیں رہتی۔ کبھی اور اور افکار

اور ضروریات میں دل و دماغ لڑے ہوئے ہوتے ہیں اور شعر کہنا بھی ضروری

ہوتا ہے۔ یہ ایسی باتیں ہیں کہ اُن اوقات میں کہے ہوئے اشعار میں ضرور خامیاں

رہ جاتی ہیں۔ اور یہ اکثر یہ ہے لیکن قریب قریب کلیے کے۔

غرض کہ شاعر جب دوسرے مصرع پر پہلا مصرع لگانا چاہتا ہے

یہ چیزیں اس کی پیش نظر رہتی ہیں۔

[۱] مناسبت لفظی۔ [۲] مناسبت معنوی۔ [۳] ردیف و قافیے کا لحاظ۔ [۴] ضلع جگت

استعارہ ۔ کنایہ ۔ تشبیہ ۔ مضمون آفرینی ۔ اور صنائع و بدائع ۔ محاورہ ۔ کسی مثلے یا واقعے کی تلمیح ۔ بنوٹ ۔ تجنیس ۔ چستی بندش ۔ ضرب المثل ۔ صفائی ۔ سادگی ۔ روزمرہ ۔ طرز بیان ۔ ادا بندی ۔ معمہ گوئی وغیرہ

مگر شاعر ان پہلوؤں سے ایک پہلو جو اس کو اس وقت تمام پہلوؤں میں سے مناسب معلوم ہوتا ہے اختیار کرتا ہے ۔ اور وہی مقبول پہلو مصرع اولی میں نظر آتا ہے ۔ مصرع لگانے کی یہی کائنات ہے ۔

۱۴ ۔ بندش ۔

کوئی ایسی شے جس کو شاعر کسی صفت سے متصف کرنا چاہتا ہے مثلاً حسن ، ادا ، غمزہ ، ظلم ، بیوفائی ، آرزو ، حسرت وغیرہ یہی چیزیں ہیں جن کو ہر شاعر تشبیہ استعارے اور کنائے کے ساتھ ادا کرتا ہے ، مگر نشست الفاظ جس کا دوسرا نام بندش ہے ۔ یہ ایسی چیز ہے جو شاعر کے حوصلے ، اس کے استعداد ، اس کی اعلیٰ دماغی ، اس کی بلند پروازی ، اس کی مضمون آفرینی کی شاہد ہوتی ہے ۔

ایک ہی شئی کو ہر شاعر اپنے اپنے مذاق اور حوصلے کے موافق ادا کرتا ہے ۔ لیکن محض طریقۂ استعمال الفاظ یعنی بندش ادنیٰ کو اعلیٰ ، اور اعلیٰ تر بنا دیتی ہے ۔ اس لئے ہر شاعر کو لازم ہے کہ سب سے پہلے نشست الفاظ پر کافی غور کرے ۔

جب کہ "معنی" الفاظ کا باطن ہے تو وہ الفاظ کے ساتھ ہر وقت موجود رہتے ہیں

اور طرزِ بیان ماتحت ہے نشستِ الفاظ کے ۔ گر ایک ایک لفظ اپنے اپنے موقع ومحل پہ
استعمال کیا جائے تو وہی لفظ ایک گنجِ معنیٰ بن جاتا ہے ورنہ وہی لفظ ہے جس کے
ایک یا دو مشہور معنی مراد ہوتے ہیں ۔

شعر میں چستیٔ بندش سے جو تیور پیدا ہو جاتے ہیں اور جو بانکپن آجاتا ہے
عوام اس شان کے سبب سے بے خبر ہوتے ہیں ۔ اور وجہ شان دریافت نہیں
کر سکتے جو اکثر نشستِ الفاظ ہی ہوا کرتی ہے ۔

کسی مضمون کو شعر میں باندھو تو صرف یہ خیال نہ کرو کہ ہمارے خیالات
وزنِ شعر میں سما گئے بلکہ یہ بھی دیکھنا ضرور ہے کہ ترکیب نشستِ الفاظ میں
سستی ہے یا چستی ۔ اور اگر سستی ہے تو انھیں الفاظ میں کچھ رد و بدل کے ساتھ
چستی پیدا کرنے کی کوشش کی جانی چاہیے ۔

۱۵۔ تذکیر و تانیث ۔

اس وقت تک جن غیر حقیقی الفاظ کی تذکیر و تانیث کے متعلق اربابِ
بصیرت نے قاعدے مقرر کر دئیے ہیں ان میں بھی بعض الفاظ ابھی زیرِ بحث ہیں کیوں کہ
یہ قیاسیات ہیں اور قیاسیات ذاتی رائے پر مبنی ہوتے ہیں ۔ بعض اساتذہ کا خیال ہے آئندہ عربی
یا فارسی وغیرہ زبانوں کا کوئی نیا لفظ اردو میں استعمال کرنا چاہیں تو اس لفظ کی
تذکیر و تانیث کے متعلق یہ قاعدہ ہو کہ اس کے دو معیار مقرر کیے جائیں ۔

صورت اوّل [illegible] مؤنث ۔

اگر معنیٰ مذکر ہے تو وہ لفظ بھی مذکر سمجھا جائے معنیٰ مؤنث ہیں تو وہ لفظ بھی مؤنث قرار دیا جائے۔

معیار دُوم:۔ اُسی لفظ کے ہم وزن اور ہمقافیہ الفاظ پر غور کیا جائے کہ اس کے ہم جنس الفاظ مذکر ہیں یا مونث۔ پس اس لفظ کو بھی۔ ہم جنس الفاظ کے طور پر استعمال کیا جائے۔

اگر ہم جنس الفاظ میں بھی بعض تذکیر ہیں اور بعض تانیث تو کثرت کی طرف اس لفظ کو بھی ملایا جائے۔

چونکہ الفاظ کی تذکیر و تانیث مقرر کرنے کا طریقہ فصحاء و ادبائے عصر کی طبع سلیم رہی ہے اس لئے بعض اساتذہ نے ایک اور قاعدہ بھی تجویز کیا ہے:۔

دوسرا قاعدہ! اگر کوئی عربی یا فارسی وغیرہ کا نیا لفظ اردو میں مستعمل کرنا چاہیں تو اس کو عموماً مذکر ہی تسلیم اور استعمال کیا کریں۔

لیکن میرے خیال میں یہ کلیہ ناواجبی ہے۔ کیونکہ پہلے قاعدے میں نہایت سنجیدگی اور ذکاوت برتی گئی ہے اور ایسے معیار مقرر کئے گئے ہیں جو بالکل قرین طبع ہیں۔ اور دوسرا قاعدہ ناواجبی تقلید ٹھہرتی ہے اس لئے ناقابل استعمال۔

تذکیر و تانیث الفاظ دو قسم پر ہے۔ حقیقی غیر حقیقی

حقیقی مثلاً۔ مرد کے مقابل عورت۔ بیل کے مقابل گائے۔

غیر حقیقی کی پھر دو قسمیں ہیں۔ معیاری۔ فرضی۔

معیاری۔ جو کسی قاعدے یا کلیے کے تحت قرار داد ہوا ہے یعنے جن الفاظ کے آخر الف ہو وہ مذکر ہیں مثلاً سودا۔ دریا۔ یا جن الفاظ کے آخر حرف ت یا ی ہوں وہ مؤنث ہیں جیسے قسمت۔ ہمت۔ ندی۔ گاڑی۔ یا باب تفعیل کے تحت جو عربی الفاظ اردو میں مروج ہیں مثلاً تحریک۔ تفہیم مؤنث ہیں یا باب تفعّل کے جو عربی الفاظ اردو میں مستعمل ہیں وہ تمام مذکر ہیں مثلاً تحیر۔ تملق (مگر یہ جاننا بھی ضرور تر ہے کہ ہر قاعدے اور ہر کلیے میں مستثنیات بھی ہوا کرتے ہیں)

فرضی۔ مثلاً کتاب اچھی ہے۔ ورق اچھا ہے۔ جھاڑ اچھا ہے۔ شاخ اچھی ہے۔

بعض اشکال۔ جہاں دو لفظ مل کر بولے جاتے ہیں اور دونوں مذکر ہیں تو مذکر ہوں گے مثلاً۔ خواب و خور۔ بندوبست۔ اور جہاں ہر دو لفظ مؤنث ہوں تو مؤنث مثلاً نشست برخاست۔ تراش خراش۔

جہاں پہلا لفظ مذکور اور دوسرا مؤنث یا پہلا مؤنث اور دوسرا مذکر ہو بعض وقت شق اول پر لحاظ کیا جاتا ہے۔ جیسے پیچ و تاب۔ مال و متاع۔ مذکر استعمال کئے جاتے ہیں بعض جگہ شق ثانی ملحوظ ہوتا ہے۔ جیسے آب و ہوا۔ نشو و نما۔ مؤنث ہیں اس کے علاوہ الفاظِ عربی کی جمع کے متعلق فصحا میں بھی ابھی تک اختلاف ہے۔

مثلاً۔ ایجاب۔ ایجادات۔ واحد و جمع ہر دو مذکر۔
اختراع۔ اختراعات۔ واحد مؤنث۔ جمع مذکر۔

(اسلئے یہ بحث محتاج طوالت ہے)

فائدہ - اگر کوئی فرضی یا حقیقی مؤنث لفظ - حقیقی مذکر - پر اسماً یا کنایتہً استعمال کیا جائیگا تو وہ لفظ مذکر ہو جائے گا۔ مثلاً معشوق کو پری یا حور کہیں اور مرد مراد لیں - علیٰ ہذا اس کا عکس بھی -

۱۶- قاعدۂ جمع -

زبان کے قواعد میں ایک جمع کا بھی قاعدہ ہے - تحریر و تقریر میں کلیتہً اس قاعدے کی ضرورت لاحق ہوتی ہے - اس لئے مجملاً طور پر یہاں چند طریق لکھے جاتے ہیں -

ف ۱ - حالت ندا میں حرف واو بڑھا دیتے ہیں - جیسا مردو - عورتو -

ف ۲ - (بلا استثنائے مذکر و مؤنث) - اگر کوئی لفظ حروف معنویہ کے قبل واقع ہو تو آخر پر واو اور نون اضافہ کرنے سے جمع بنجاتی ہے مثلاً جھاڑوں میں - شاخوں پر - اور حروفِ معنویہ جو عامل ہیں حالت فاعلی و اضافی وغیرہ ظاہر کرنے مستعمل ہوتے ہیں سات ہیں - پر - تک - سے - کا - کو - میں - نے - اور کا میں کے اور کی بھی مضمر ہیں - اس لئے بجائے سات کے نو سمجھنا چاہئے -

ف ۳ - اگر کسی مؤنث لفظ کے آخر میں الف تصغیر موجود ہو تو صرف نون سے جمع بناتے ہیں - مثلاً - لٹیاں -

ف ۴۔ اگر کسی مؤنث لفظ کے آخر میں یائے تانیث موجود ہو تو الف
و نون بڑھا کر جمع بنا لیتے ہیں مثلاً تتلیاں۔

ف ۵۔ اگر کسی مؤنث لفظ کے آخر میں الف اصلی یا واو یا ہائے مختفی
موجود ہو تو ہمزہ ی ں سے جمع بنالیں گے مثلاً ادائیں
آرزوئیں۔

ف ۶۔ کسی مذکر لفظ کے آخر میں الف اصلی یا ہائے مختفی ہو تو اس
الف یا ہ کو ے سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے لڑکے۔ بچے۔

ف ۷۔ اگر کسی مذکر لفظ کے بعد کوئی حرف علّت یا الف۔ یا ہائے مختفی
نہیں ہے تو وہ لفظ حالت مفرد جمع میں ایکساں مستعمل ہوگا۔ جوان
آیا جوان آئے۔

فائدہ۔ اردو میں فارسی جمع کے بعض اشکال ثقل کا سبب ہیں۔ مثلاً جمع
جو آخر پر ہا اضافہ کر کے بنائیں جیسے شمشیرہا۔ تیرہا۔ اور عربی
کی بعض جمع کی اشکال مروج ہیں مثلاً سلطان کی جمع سلاطین
یا حکیم کی جمع حکما۔ فصیح کی جمع فصحا۔ یا کیفیت کی جمع کیفیات
ایجاد کی جمع ایجادات۔

۱۷۔ عطف و اضافت۔

ہر زبان کے قواعد میں یہ دو ضروری شعبے ہیں۔

عطف - ایک پر ایک ایزاد کرنے کے لئے مستعمل ہوتا ہے - جیسے ہاتھ اور پاؤں - ٹوپی اور جوتی - ہیں آور — کتاب و قلم - دستار و گفتار - ہیں واؤ —

چوں کہ ہاتھ - پاؤں - ٹوپی - جوتی - یہ چاروں لفظ اردو کے ہیں - اس لئے ان کے بیچ میں جو عطف کہ لایا گیا ہے وہ بھی اردو ہی ہے - یعنی (اور) کتاب - قلم - دستار - گفتار - یہ چاروں لفظ عربی اور فارسی زبانوں کے ہیں اس لئے (واو) یعنی فارسی کا عطف استعمال کیا گیا ہے -

اضافت - کسی کو کسی کی ملک بنائے - یا کسی کی کوئی صفت ظاہر کرنے یا کسی زمانے کا تعین کرنے وغیرہ کے لئے مستعمل ہوتی ہے - جیسے غلام زید - عہد عباسیہ - دریائے عمیق -

اردو میں اضافت کے لئے کئی حروف ہیں - مثلاً :-

عہد بہمنی = بہمنی کا عہد - میں کا -

دندانِ شیر = شیر کے دانت - " کے -

فوج سلطان = سلطان کی فوج - " کی -

قلم تو - یا - قلم من - تیرا قلم یا میرا قلم - " را -

کتب تو - یا - کتب من - تیرے کتب یا میرے کتب - ہیں - رے -

شمشیر تو یا - شمشیر من - تیری شمشیر یا میری شمشیر - ہیں - ری -

[illegible]

اس کے علاوہ

پر - ہیں - نہ بھی اضافی اشکال ہیں - لیکن اردو میں عطف واضافت کا ایک بہت بڑا جھگڑا ہے یعنی ایک عربی یا فارسی لفظ اور ایک اردو لفظ کے درمیان فارسی عطف واضافت جائز ہے یا نہیں؟ جیسے دستار وٹوپی - اور تلوار وسیف - میں ہر دو جگہ واو یعنی عطف یا ذکر سلطان اور تلوار مغرب - میں ہر دو جگہ (ـِ) کو زیر یعنے اضافت -

بعض اصحاب نے اس شکل کو جائز کر لیا ہے اور وجہ یہ قرار دی کہ طرح طرح کے قیود سے زبان کا دائرہ محدود رہتا ہے - گو ایک حد تک یہ صحیح ہے مگر اساتذہ اور مبصرین اس مسئلہ میں متفق نہیں ہیں اس لئے یکسوئی تک عوام کو فارسی اور اردو الفاظ میں فارسی اضافت سے کام نہیں لینا چاہیئے -

۱۸- بعض محاسنِ شعر -

ف ۱ - اس شعر کا رتبہ نہایت بلند ہوتا ہے جس میں کوئی ادا کندہ کی گئی ہو - یہ شعر وہ مہر ہوتا ہے جو صفحۂ دل پر ثبت ہو جائے یا جس میں کسی واقعے کی مصوری کی گئی ہو - یہ شعر وہ تصویر ہوتا ہے جو آنکھوں کی راہ سے دل میں اُتر جائے -

ف ۲ - معانی کی نازک اور لطیف ترکیب شعر کے حسن میں رفعت پیدا کرتی ہے -

ف ۳ - جس شعر میں کوئی جدت ہو وہ شعر نشتر ہوتا ہے -

ف ۴۔ کسی شعر میں اصولی اور حقیقی مضمون آفرینی کی جائے تو اس شعر میں علویت پیدا ہوجاتی ہے۔

ف ۵۔ نشست الفاظ اور چستیٔ بندش اول درجے کے محاسنات میں داخل ہیں۔

ف ۶۔ جب شعر کے ہر دو مصرع آپس میں دست و گریباں ہوں کیا بہ لحاظ بندش اور کیا بہ لحاظ معنی محاسن شعر میں شمار کیے جاتے ہیں۔

ف ۷۔ شعر ایسے ٹکڑوں میں واقع ہو جس سے ارکان اوزان کی صورت پیدا ہو۔ یہ بھی حسن کلام ہے۔

ف ۸۔ وہ شعر بھی اچھا ہوتا ہے جس میں کوئی محاورہ یا روزمرہ ہو مگر باندھا نہ گیا بلکہ بندھ گیا ہو۔

ف ۹۔ ایک شعر میں دو دو پہلو نکلنا حسن نہیں ہے بلکہ کثرت معنیٰ خوبی کلام ہے۔

۱۹۔ چند معائب شعر۔

ف ۱۔ رعایت لفظی کی کثرت معائب میں شمار کی جاتی ہے مگر کوئی جدت ظاہر ہو یا کسی محاورے میں واقع ہو تو ایک حسن پیدا ہوجاتا ہے۔

ف ۲۔ ایک مصرعے میں تین اضافتوں سے زیادہ لانا عیب ہے۔

ف ۳۔ مطلع کے بعد خیال رکھنا چاہیے کہ اور اشعار میں ردیف کا آخری لفظ مصرع اول کے آخر میں نہ آئے۔ ورنہ اس شعر پر مطلع کا شبہہ

ف ۴ ۔ بعض جگہ قریب قریب تکرار لفظ ہو جاتی ہے اس سے احتراز انسب ہے ایسے مقام پر ایک جگہ اضافت سے کام لیا جائے تو تکرار نکل جاتی ہے یا دو مذکر الفاظ میں سے ایک مؤنث بدل ڈالیں۔ یا دو مؤنث لفظ جو جمع ہو جاتے ہیں اس میں سے ایک مذکر سے بدل لیں تو یہ ثقالت دور ہو جاتی ہے۔

ف ۵ ۔ بعض اوقات دو جیم یا دو شین وغیرہ ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں۔ اور بعض اوقات درمیان کے حروف تقطیع سے گر جانے کی وجہ دو قریب المخرج حروف ملجاتے ہیں جس سے ایک ثقل پیدا ہو جاتا ہے لیکن ہر ایک حرف دو مرتبہ جمع ہو جانے سے ثقل نہیں پیدا ہوتا بلکہ وہ دو حروف جنکے ملنے سے تلفظ میں بنوٹ پیدا ہو یا موبہہ بنا کر بولنا پڑے اس لئے تنافر کا معیار فصحا کے مذاق صحیح پر رکھا گیا ہے۔

ف ۶ ۔ بعض الفاظ کی نشست ظاہر میں بُری نہیں معلوم ہوتی مگر دو علیحدہ علیحدہ لفظ جب مل کر ادا ہوتے ہیں یا درمیان کا کوئی حرف تقطیع میں گر جانے یا دب کر نکلنے سے دو حرف یا دو لفظ جو مل کر ادا ہوتے ہیں تو ضم کا پہلو نکلتا ہے مثلاً آتش کا مصرع ۔ بجلی کی صدا جیسے کسی تار پہ دوڑے ۔

ف ۷ ۔ بالکلیہ فارسی تراکیب اور فارسی مصادر کا استعمال بھی اردو کی سلاست

۲۰۔ توارد۔

بعض لوگوں کی آنکھیں بڑی تلاش و جستجو کے ساتھ توارد کی کھوج
میں لگی رہتی ہیں۔ مجھ سے ایک صاحب کہتے تھے کہ ایک اور صاحب باوجود شاعر
ہونے کے کہیں کا کوئی مشاعرہ ناغہ نہ کرتے اور اساتذہ کے دواوین کا کثرت سے
مطالعہ محض اس وجہ کیا کرتے تھے کہ دیکھیں کس کس کے یہاں اساتذہ میں سے کس
کس کے مضمون کا چربہ اتارا گیا ہے اور وہ مضمون کس کے یہاں اچھی صورت
اور اچھی بندش میں آگیا ہے۔

میرے خیال میں توارد دو قسم کا ہوا کرتا ہے:-

الف۔ جو قدما کا کوئی مضمون یا بعض الفاظ یا پورا مصرع یا شعر کا شعر اڑا جائے
ب۔ کسی ہمعصر کا کچھ مضمون یا بعض الفاظ یا پورا مصرع یا شعر کا شعر اڑا جائے
تشریح۔ الف یا ب۔ ہر دو صورتوں میں دو دو شکلیں موجود ہیں۔
(یہاں یہ سمجھ لینا پڑیگا کہ اصحاب توارد میں ایک مقدم ہوگا اور ایک مؤخر)
۱۔ مقدم کا کلام موخر کی نظر سے گذرا ہوگا۔ ۲۔ نہیں گذرا ہوگا۔
اگر نہیں گذرا ہے تو وہ خاصا توارد ہے۔ اور اگر نظر سے گذرا ہے تو سرقہ ہے۔
لیکن وجہ توارد کو موخر گو اپنے کلام میں اگر مقدم گو کے کلام سے اونچا، حسین،
[illegible]

خوشنما توارد ہے۔

بعض اوقات کسی مشاعرے میں کئی اصحاب کی طبیعتیں کسی ایک ہی مضمون کی تلاش میں کسی ایک ہی مقام پر پہنچتی ہیں اس سے بھی توارد واقع ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ مشاعرے

مشاعرے نہ صرف ناظم گر ہوتے ہیں بلکہ سلیقۂ شعر اور اچھے بُرے شعر میں امتیاز بھی سکھلاتے ہیں۔ مشاعروں کی وقعت شعر کا حقیقی شوق و ذوق رکھنے والوں کے دلوں میں بدرجۂ اتم رہتی ہے۔

مشاعرے میں کئی شاعروں کی طبیعت ایک ہی مضموں پر پہنچ کر اپنی اپنی وسعت افکار کے موجب علیحدہ علیحدہ راہیں اختیار کر لیتی ہے اور نئے نئے پہلو تلاش کر کے بہم پہنچا لیتی ہے۔ بندش مضمون اور پابندی نشست الفاظ۔ معانی کی خوبی۔ اسلوب بیان۔ کے ساتھ ادائے خیالات کا حسن پیدا کر لیتی ہے یہ تمام باتیں نہ صرف شاعری کا شوق دلاتی ہیں بلکہ ذرا سی توجہ سے اچھے اور بُرے کا امتیاز حاصل ہو جاتا ہے۔ ذاتی معلومات کے علاوہ اساتذۂ عصر، ذی فہم حضرات کسی کے کسی شعر پر تعریف کریں تو اس کی باریکیوں سے باخبر ہو جاتا ہے اور اگر کوئی چیز سمجھ میں نہ آئے تو اس کے معلوم کرنے میں سبقت کا وجدان پیدا ہوتا ہے

معائب و محاسن کلام سے واقفیت ہو جاتی ہے [illegible]

قوت پیدا ہوجاتی ہے۔

وہ اساتذہ جنہوں نے اپنی عزیز عمریں اس فن کی تحصیل میں صرف کردی ہیں اور اہلِ کمال ہونے کا تمغہ حاصل کرچکے ہیں ان کا رنگ ڈھنگ۔ ان کی ادا بندی۔ اُن کی مضمون آفرینی سے سبق حاصل ہوتا ہے۔ طبیعت کی جولانی بڑھ جاتی ہے۔ مگر اولاً شاعرہ اپنی حقیقی خوبیوں سے متصف ہو۔ یعنے اس شاعرہ میں کوئی گفتگو خلاف تہذیب ہونے پائے۔ غزل خوانی کی ابتدا مبتدیوں سے اور انتہا منتہیوں پر کی جائے۔ بزم سخندانی میں بغیر اساتذہ کے خاص اشاروں کے خلاف طرح پڑھنے کی جرأت نہ کی جائے اور ہزلیات سے قطعی اباکیا جائے کسی شعر میں (سوائے اشارے اور کنائے کے) کسی پر نازیبا حملہ نہ کیا جائے وغیرہ۔

دوسرے سبق لینے والا بھی اپنے دل میں حقیقی شوق ذوق رکھتا ہو منکسر المزاج حلیم الطبع ہو۔ فکر رسا رکھتا ہو۔ اُسے جو کچھ آتا ہو یا جو کچھ سیکھا ہو اس کو برموقع برتنا بھی آتا ہو ورنہ سیکھنے میں عجلت کرے۔ وغیرہ۔

بعض اوقات مشاعرے کی طرح خلاف طبیعت زمین میں یا سخت ردیف وقافیے میں صادر ہوتی ہے۔ بعض وقت اس کا عکس ہوتا ہے۔ مگر طبیعت میں انقباض رہتا ہے۔ یعنے طبیعت پر زور دے کر طبع آزمائی کرنی پڑتی ہے۔ نامانوس طرحوں میں یا خلاف طبع بحروں میں فکر کرنی پڑتی ہے۔ اس سے بھی سبق حاصل ہوتا ہے یعنے طبیعت پر زور ڈال کر کہنے کی بھی مشق ہونے لگتی ہے

لیکن آج کل کے اکثر مشاعرے ہملات وخرافات سے بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ نہ اساتذہ ہی اس طرف متوجہ ہوتے ہیں اور نہ عوام کچھ لحاظ کرتے ہیں۔ ان خاص خاص مجلسوں کا کیا پوچھنا۔

۲۲۔ انتخابِ اُستاد

ہر ایک مبتدی کے لئے انتخاب استاد کا پہلا مرحلہ ہے۔ ہر شایق بار بین ہو اپنے رنگ طبیعت سے واقف ہو اپنی پسندیدہ روش پر پختہ کار ہونے کا متمنی وغیرہ یہ کچھ ضرور نہیں۔ اس لئے انتخاب استاد کے مسئلے میں شہرت کی گرویدگی اور ہمنشینوں کا اشتعال سب سے پہلے اسباب ہوتے ہیں جو بہکا دیتے ہیں اور یہ ٹھوکر ایسی ہوتی ہے جو گڑھے میں گرا دے۔

اسباب شہرت وہی بعض کوتہ نظر ہوا خواہ یا کم علم عقیدت مند شاگرد ہوا کرتے ہیں جو باوجود اپنے دوست یا استاد کی بے بضاعتی کے دوست یا استاد کو مشہور کرنا ان کا پہلا فرض ہوا کرتا ہے جس کی بڑی دلیل ان کی وہی محدود نظر عدم وقوف ہوا کرتا ہے۔

شہرت کے سبب کسی مشہور مگر کم مایہ استاد کے پاس رجوع ہو جانا نہ صرف وسعت معلومات اور تحقیق فن سے باز رکھتا ہے بلکہ کچھ دن بعد یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ہم کامل ہو گئے۔ اور ہم کامل ہو گئے سمجھنے کے اسباب بھی ہوتے ہیں۔ پہلا سبب یہ کہ اس کم سرمایہ دار استاد کا ذخیرۂ معلومات کا خزانہ کچھ

دنوں بعد ختم ہو جاتا ہے۔ اور ہم مشق اور خواجہ تاش برادر جہان کے پہلو بہ پہلو ہونے کچھ زیادہ مدت درکار نہیں ہوتی۔ گویا کامل اصحاب کی برابری خود کامل ہونے کی دلیل ہے۔

دوسرا سبب یہ کہ مشہور استاد کی شاگردی میں پہلا فائدہ یہ ہوا کہ ابتدا میں زیادہ تردد و فکر کی محنت گوارا کرنی نہیں پڑی۔ مشاعرے کی غزل میں گیارہ شعر پورے نہیں ہو سکتے تھے مگر استاد کی شفقت نے پانچ چھ شعر کی امداد فرمادی لیجیے استاد کا دم بھرنے لگے۔ مشاعروں میں استاد کے حلقہ تلامذہ کو وجد دینے اور واہ واہ کے نعروں میں شریک ہونے سب سے پیشتر ہیں۔ ان کی نظروں میں استاد کا جواب فرش زمین پر تو نہیں ہے۔ انھیں خود اپنی حماقت کی خبر نہیں کہ کہاں آگرا تو استاد کی بے بضاعتی کی کیا خبر۔

مذکورہ بیان کے یہ معنی نہیں کہ شہرت کوئی چیز نہیں اور تمام مشہور اصحاب محض فرضی استاد ہوا کرتے ہیں بلکہ شہرت کے ساتھ ساتھ اور چیزوں پر بھی غور کر لینا چاہیے مثلاً:۔

اس کی عام علمی قابلیت کس رتبے کی ہے۔ اس کی عمر کیا ہے۔ اس کی فنی عمر کیا ہے جو کثرتِ ریاض خود دلیل کہنہ مشقی ہو۔ اپنی طبیعت کا لگاؤ اور اس کا رنگ غیر ہمرنگ تو نہیں ہے۔ اُس کے معاصرین میں اس کی کیسی وقعت ہے۔ کسی کی عام شہرت نہ سہی مگر طبقۂ اساتذہ میں اُس کا کیا اثر اور کیا رتبہ ہے۔

اس کا برتاؤ اپنے شاگردوں سے کس طرح رہتا ہے۔ اس کے اور اور شاگرد عوام میں کس نظر سے دیکھے جاتے ہیں وغیرہ۔

غرض کہ یہ چیزیں ایسی ہیں اگر کوئی مبتدی اس پر کار بند ہو تو منتھی ہو جائے۔ یعنے اس کے اصول تلاش خواہ مخواہ اُسے کسی اچھے استاد کے پاس رجوع کرائیں گے۔ اور کسی قابل استاد کے پاس رجوع ہونا اُسے ایک نہ ایک دن خود خود قابل بنا دے گا اور برسوں میں حاصل ہونے والی چیزیں مہینوں میں اور مہینوں میں آنے والی چیزیں دنوں میں حاصل ہو جاتی ہیں۔

۲۳۔ طریقہ اصلاح۔

بعض اساتذہ اپنے کسی شاگرد کے (کسی خاص مجلس کے لئے) کچھ شعر دلچسپی کی نظر سے دیکھ بیٹھتے ہیں۔ انھیں حضرات کی اتباع میں بلکہ اُن کی ہمعصرانہ روش کی پیروی کی بنا پر بعض کم مایہ استاد بھی اپنے شاگردوں کو بڑی بڑی کاوشوں سے غزلیں لکھ کر دیتے ہیں۔

اس سے عام نظروں میں ان کم مایہ استادوں کی وقعت اس لئے بڑھ جاتی ہے کہ اُن کے شاگردوں کی غزلیں ہمعصری واہ واہ سے شاعروں کی (انھیں کی نظروں میں) زینت ہوتی ہے۔

غرض کہ شاگرد کا حقیقی جذبہ برقرار رکھنے اور کہنے والے کے کیفیات باقی رکھنے کے لئے اصلاح میں ایسا پہلو اختیار کرنا چاہیے جس سے اس کا وجدان ضمیر

و کیفیت باطنی فنا ہو نے نہ پائے۔

وہ طریقہ یہ ہے کہ نظم ہو یا نثر اصلاح کے وقت فن عروض کی غلطی۔ قواعد زبان کی غلطی۔ اصطلاحات و محاورات کی غلطی۔ نکال دی جائے۔ اگر مضمون عامیانہ ہے یا پیش پا افتادہ ہے تو اس کو نظر انداز کر دینا چاہیئے۔ اس سے یہ بھی فائدہ ہو جائیگا کہ کہنے والے کا ریاض خود بخود تمیز پیدا کرتا جائیگا۔ اور اس کو اپنی سابقہ تحریر اپنے آپ اصلاح طلب معلوم ہونے لگ جائے گی۔ ورنہ اصلاح دینے والا اگر عمداً شاگرد کے ادنیٰ مضمون کو اعلیٰ بنا دیگا تو چھوٹا موٗنہ بڑی بات ہونے کے علاوہ خود سے جب اس رتبے کے شعر نکلتے ہوئے نہ دیکھیگا تو پست ہمت ضرور ہوگا جو آئندہ خود اس شاگرد کی ترقی کے لئے سد باب ہو جائیگا

ہاں جب لکھنے والا یعنے شاگرد خود کہنہ مشق ہو گیا ہو۔ اور اعلیٰ تخیل اس سے امکانی بات ہوتی ہے مگر کسی مضمون یا بندش میں کوئی بات رہ گئی ہو تو اس ادنیٰ کو اعلیٰ نہیں بلکہ اعلیٰ ترین کر دینا مضائقہ نہیں کیا بلکہ ضروری ہے کیوں کہ وہ شاگرد خود اب اس رتبے پر پہنچ گیا ہے کہ ایک اعلیٰ سے اعلیٰ مضمون بھی اس سے ممکن ہے۔

لیکن اس بات کو بھی ہرگز نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے کہ کسی شاگرد کو معمولی طور پر اصلاح دی گئی تھی۔ وہی عروضی یا قواعد یا محاورے کی اصلاح کی گئی تھی مگر شعر میں خود بخود تیور پیدا ہو گئے۔ یا شعر کا رتبہ بڑھ گیا۔ یا کوئی اور حسن پیدا ہو گیا تو اس کو بحال رہنے دینا چاہیئے۔ کیوں کہ استاد نے عمداً۔

شعر کے رتبے کو بلند نہیں کیا بلکہ ایک معمولی اصلاح کے بعد اس میں خود شان پیدا ہو گئی۔

(میں یہاں یہ مصرع لکھے بغیر نہیں رہ سکتا ع قبول خاطر و لطف سخن خداداد است)

۲۴۔ شاعری کا جواز اسلام میں

۱۔ ایسی شاعری جس سے ایمان و اسلام اور ان کے متعلقات پر برا اثر نہ پڑے۔ جائز ہے۔

۲۔ ایسی شاعری جس میں اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کے مصنوعات پر اپنے مصنوعات کو فضیلت نہ دیجائے۔ جائز ہے۔

۳۔ ایسی شاعری جس سے یقین توحید و یقین رسالت پر برا اثر نہ پڑے جائز ہے۔

۴۔ ایسی شاعری جس سے کسی کے عمل صالح یا اس کے متعلقات پر برا اثر نہ پڑے۔ جائز ہے۔

۵۔ ایسی شاعری جس میں اسلام کے اوامر و نواہی کے خلاف نتیجہ نہ نکلے جائز ہے۔

۶۔ عام حیثیت سے کسی کی برائی بیان کرنا .... جائز نہیں ہے

۷۔ عام حیثیت سے کسی کی ہجو کرنا .... جائز نہیں ہے

۸۔ کسی پر تہمت یا اتہام کرنا .... جائز نہیں ہے

۹۔ کسی کی بھلائیوں کو بڑھا کر بیان کرنا منع نہیں مگر غلو تک پہنچ جانا۔
ئز نہیں ہے۔

۱۰۔ اس قسم کا غلو جائز رکھا گیا ہے جس سے غلو ثابت ہو جائے۔ مثلاً
شوق کے چہرے کو چاند کہیں سورج کہیں۔

۲۵۔ تقلید۔

تقلید کا مرض عوام میں زیادہ ہوتا ہے اس لئے واجبی تقلید کے ساتھ
تھ ناواجبی تقلید بھی کر لی جاتی ہے۔ اور طبقہ خاص کو غلط تقلید کے دور
رنے میں بڑی بڑی دشواریاں پیش آتی ہیں اور زیادہ زمانہ گذرتا ہے۔
قواعد[۱] صرف ونحو کی تقلید۔ محاوروں[۲] کی تقلید۔ تذکیر و[۳] تانیث کی تقلید۔
سم[۴] الخط کی تقلید وغیرہ۔

(۱) قواعد صرف ونحو کی تقلید کا معیار چوں کہ قیاسیات پر نہیں ہے کیتب
رابط و قواعد کی پابندی ہر ایک پر ضروری ہے۔ قواعد صرف ونحو کی تقلید۔ اُن
نوں میں تقلید نہیں کہی جا سکتی جو فرضی ہیں۔

(۲) محاوروں کی تقلید۔ مثلاً آن بیٹھا۔ آن پھنسا۔ کوئی اس کے
ان کا قائل ہے اور کوئی متروک سمجھتا ہے۔

(۳) تذکیر و تانیث کی تقلید۔ جیسے۔ آغوش۔ اہل دہلی مؤنث
لتے ہیں اور اہل لکھنؤ مذکر کہتے ہیں۔ موتیا (دھوا) اہل دہلی مؤنث بولتے ہیں

اور اہلِ لکھنؤ مذکر استعمال کرتے ہیں۔

(۴) رسم الخط کی تقلید میں بلاغور و فکر اندھا دُھن کام کیا جا رہا ہے مرکب الفاظ کے اجزا کو علٰحدہ کر کے لکھنے کی رو یہاں تک ترقی کر گئی ہے کہ ناقابل شق الفاظ کے بھی ٹکڑے کر دئے جاتے ہیں حال آن کہ قابل شق الفاظ وہ ہیں جو علٰحدہ علٰحدہ کر دینے کے بعد بھی ہر ایک شق بذاتِ معنٰی دے۔

نمبر ۲ و ۳ اور ۴ - یہ قیاسیات پر مبنی ہیں۔ اور قیاسیات پر آنکھیں بند کئے ہوئے کسی کے بھی پیرو ہو جانا کم علمی کی علامت ہے یا کم عقلی کی۔ پس ہر ایک کو لازم ہے کہ ہر ایسی تقلید میں جن کا معیار قیاسیات پر ہے اپنے ملک کے مستند اساتذہ سے رجوع ہوا کرے جس سے جلد جلد ناواجبی تقلیدی عام مرض کا ازالہ ہو جائے۔

۲۶۔ متروکات۔

غریب اُردو عجیب مخصوں میں گھری ہوئی ہے۔ ایک طرف سے توسیع زبان کا خواہشمند گروہ بجا و بیجا الفاظ کا استعمال بڑھا رہا ہے تو ایک جماعت مخل فصاحت الفاظ کے ترک پر مستعد نظر آ رہی ہے۔

غور کی جگہ ہے کہ اجتماع الضدّین ناممکن ہے۔ پھر ہر دو فریق کی شہزوریوں کا نتیجہ کیا نکلے گا۔ یہاں حضرت جامی علیہ الرحمہ کا قول حسب حال ہے:۔

گر خدا بودے از یکے افزوں | کہ بماندے جہاں بدیں قانوں
ہمہ عالم عدم شدے باہم | بلکہ بیروں بماندے ز عدم

اس مسئلے میں عوام کو چاہیئے کہ زبان کے مجتہدوں سے رجوع ہوں۔ اور خاص افراد کی جدت پسندی خود اجتہاد ہے۔ لیکن خاص خاص افراد بھی اپنے معاصرین کے ساتھ رد و قدح کر کے کوئی صورت جواز ظاہر کریں تو مناسب ہے کیوں کہ یہی طریقہ موزوں اور احسن ہے۔

اس قسم کے مسئلوں میں جہاں عام اور خاص کے نام علحدہ لئے جاتے ہیں بعض کم فہم اشخاص ایک نئی قسم کی بحث پیدا کر لیتے ہیں یعنے ہم بھی خاص ہیں ورنہ کیا خاص کو سینگ ہوا کرتے ہیں؟ یہ ایک لا یعقلانہ سوال ہے۔ اگرچہ خاص کے لئے بعض اصحاب کو نامزد کر دینا بھی انصاف کا خون ہے مگر خاص اصحاب سے مراد وہ لوگ ہیں ذی ہوش اعلیٰ ادراک والے باریک بیں، جدت پسند ہوں، اس فن کے رموز سے باخبر۔ عام علمی معلومات رکھتے ہوں، عربی اور فارسی میں کافی دستگاہ رکھتے ہوں جن سی طبیعتیں اور اُن زبانوں سے بھی واقف ہوں جو زبانیں کہ اردو زبان کے اجزا ہیں، جہاں آزمودہ، مسن، اور انصاف پسند ہوں۔ یہی اصحاب خاص میں شمار کئے جاتے ہیں کہ جنہوں نے اپنی قیمتی اور عزیز عمریں اس فن کے متعلق غور و خوض میں صرف کر دیں۔

غرض کہ صرف توسیع زبان کا خیال بھی مہمل ہے اور متروکات پر

بالکل آمادہ اور مستعد رہنا بھی خاصا جنون ہے۔

خاکسار

(عالیؔ رفاعی)

سرور نگر حیدرآباد دکن
رمضان المبارک ۱۳۴۲ھ

(جلدی کی وجہ، مقدمے اور کتاب میں بعض چیزیں اور شریک نہ ہو سکیں، انشاء اللہ تعالیٰ طبع ثانی کے وقت غور کیا جائیگا۔)

باب (ا)

فصل (ا)

القاب و صفات حضرت صلے اللہ علیہ و آلہ و صحابہ وسلم

نقطۂ اولیں۔ رحمۃ للعالمین۔ قبلۂ اسلامیاں۔ دستگیر افتادگاں۔ شاہ عرش فرسا۔ پیشرو کوکبۂ انبیا۔ دُرج التاج خرد۔ شفیعِ ہر نیک و بد۔ رسُولِ دارین۔ سیّد کونین۔ سراج منیر بشیر و نذیر۔ آیۂ نور۔ سایۂ ربِّ غفور۔ کفیل مہماتِ عالم۔ فخر بنی آدم۔ صاحب منبر نہ پایۂ افلاک۔ شہنشاہِ لولاک۔ مفتاحِ رحمت۔ صاحبِ شفاعت۔ شاہِ تختِ کائنات۔ حلّالِ مشکلات۔ پشت و پناہِ مجرماں۔ امیدگاہ گناہگاراں۔ مخدوم زمانہ۔ شاہ قدس آشیانہ۔ تو سین مکان۔

عذر خواہِ عاصیاں۔ مسیحا عبارت۔ خلیل آیت۔ موسیٰ کلام۔ سلیماں احتشام۔ یوسف جمال۔ داؤد الحان۔ ادریس عقل۔ صاحب مقامِ محمود۔ خلیل رحمٰن۔ مہبط قرآن۔ ساقی حوضِ کوثر۔ شافع یوم الحشر۔ لامکاں سیر۔ دارائے حجّت الٰہی۔ مخبر صادق۔ رہ نوردِ سدرہ۔ صاحب درجہ رفیع۔ شاہ انجم مطاف۔ فصیح اللسان۔ معجز بیان۔ ختمِ رسل۔ ہادیٔ سبل۔ نہالِ بے سایۂ گلستانِ رسالت۔ گل سرسبد چمنستانِ نبوت۔ نبیٔ حرمین۔ امام قبلتین۔ رسول الثقلین۔ چراغ ہر دو عالم۔ صاحب معراج۔ آسماں خرام۔ دلیلِ خیرات۔ سرورِ کائنات۔ مفخرِ موجودات۔ صفوات آدمیاں۔ رحمتِ عالمیاں۔ فخر انبیا۔ خیر الوریٰ۔ نور الہدیٰ۔ شافع روزِ جزا۔ خاتم المرسلین۔ شفیع المذنبین۔ احمد مجتبےٰ۔ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

خصوصیات بعض پیغمبراں[۵۱]

محمد مصطفےٰؐ محبوبِ خدا۔ عیسٰےؑ معجز دم۔ یوسفؑ صدق۔ یعقوبؑ پسر گم گشتہ[۵۲]۔ خضرؑ راہبر آبدار۔ موسےٰؑ ید بیضا۔ آدمِ ثانی (نوحؑ) عمر نوحؑ۔ صبر ایوبؑ۔ الحانِ داؤدؑ۔ ملکِ سلیمانؑ۔ گریۂ یعقوبؑ۔ حسنِ یوسفؑ۔ عقلِ ادریسؑ۔ گلزار ابراہیمؑ۔ کلام موسٰےؑ۔ دم عیسٰیؑ۔ طوفان نوحؑ۔

۵۱۔ تمام نبیوں میں چار اولو العزم صاحب کتاب ہیں۔ حضرتِ موسٰیؑ صاحب توریت۔ حضرت داؤدؑ صاحب زبور۔ حضرت عیسٰیؑ صاحب انجیل۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلعم صاحب فرقان۔ اور ان چاروں میں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولو العزم ہیں۔

۵۲۔ اسرائیل بھی یعقوب علیہ السلام کا لقب ہے۔ اور بنی اسرائیل آپ ہی کی اولاد ہے۔

القاب جبرئیلؑ[1]

امین۔ امین وحی خدا۔ پیک الٰہی۔ مرغ سدرہ۔ طائر عرشی۔ روح الامین۔ روح اعظم۔ روحِ مکرّم۔ روحُ القدس۔ رُوح مجرد۔ رُوح۔ ناموسِ اکبر۔ جوہرِ اوّل۔ عقلِ اوّل۔ عقلِ فعال۔ عقلِ کُل۔ شدید القویٰ۔

بیان ملائکہ

سروش۔ ہاتف۔ مرغانِ قدسی۔ مرغان اولی الاجنحہ۔ اولی الاجنحہ۔ فرشتگاں۔ افلاکیاں۔ کروبیاں۔ مسیحانِ افلاک۔ ساکنانِ ملاءِ اعلے۔ مسیحان ملاءِ اعلی۔ طائران سدرہ۔ روحانیان۔ نہاں پیکراں۔ رقیبانِ راز۔ جنودِ کبریا۔

مناسبات فقر

عبادت۔ قناعت۔ ریاضت۔ ہمت۔ شریعت۔ طریقت۔ حقیقت۔ معرفت۔ جلوت۔ خلوت۔ کرامت۔ طہارت۔ استقامت۔ محنت۔ محبت۔ مشقت۔ عصمت۔ عفت۔ غیبت۔ وحدت۔ وحدانیت۔ حرکت۔ خاکساری۔ انکساری۔ پرہیزگاری۔ توکل۔ تحمل۔ مراقبہ۔ مجاہدہ۔

---

[1] تمام فرشتوں میں جبرئیلؑ۔ میکائیلؑ۔ اسرافیلؑ۔ عزرائیلؑ۔ یہ چار نبی سمجھے جاتے ہیں۔ اور ان چاروں میں جبرئیلؑ ذی مرتبہ۔

مشاہدہ۔ مکاشفہ۔ محاسبہ۔ صبر۔ شکر۔ اکلِ حلال۔ صدقِ مقال۔ استغنا۔ تجرید۔ تفرید۔ کلمہ۔ صلوٰۃ۔ صوم۔ زکوٰۃ۔ حج۔ اذکار۔ اشغال۔ دم۔ قدم۔ عشق۔ ذکر۔ فکر۔ شغل۔ تقویٰ۔ زہد۔ اتقا۔ تذکیہ۔ تصفیہ۔ حق پرستی۔ خداشناسی۔ تسلیم۔ رضا۔ راستی۔ صلحِ کل۔ شب بیداری۔ صفائی قلب۔ حلم۔ عفو۔ ثبات۔ خُلق۔ ایثار۔ احسان۔ کتمانِ اسرار۔ ورع۔ خوف۔ رجا۔ تجلّی۔ نور۔ انوار۔ پردہ۔ حائل۔ حجاب۔ برزخ۔ استتار۔ وجد۔ تواجد۔ غلبہ۔ شوق۔ ذوق۔ جذب۔ سلوک۔ صحو۔ محو۔ الہام۔ مرکز۔ دائرہ۔ حلقہ۔ نقطہ۔ قبلہ۔ سکر۔ نفی۔ اثبات۔ علم الیقین۔ عین الیقین۔ حق الیقین۔ ذات۔ صفات۔ کائنات۔ سبب۔ علّت۔ معلول۔ وجود۔ شہود۔ ہمہ اوست۔ ہمہ از وست۔ ہمہ در وست۔ تلوین۔ تمکین۔ وقت۔ حال۔ قال۔ نفسِ امّارہ۔ نفسِ لوّامہ۔ نفسِ ملہمہ۔ نفسِ مطمئنہ۔ بدایات۔ نہایات۔ ہدایات۔ انابت۔ کشف۔ توبہ۔

عالم جہاں طلسم۔ مہدِ طلسم گوں۔ قلعہ کہربا گوں۔ سفالین خم۔ سراچہ سفالیں۔ خم گل آلود۔ تیرہ گل۔ تیرہ خاک۔ کوزۂ سفال سرشت۔ خاکداں۔ دیر خاک۔ سرائے سہ پنج۔ سرا۔ سرائے مستعار۔ سرائے دو ہنجی۔ سرائے فریب۔ زنداں سرا۔ سرائے آبنوسی۔ سراچہ تنگ۔ سرائے فانی۔ سرائے ناپائیدار۔ چار سوئے غم۔ چار دیوار تنگ۔ چار آئینہ۔ چار طاق۔ چار محل۔ پنج روزہ۔ پنج روزہ۔ شش خانہ۔ شش محل۔ شش طاق۔ شش جہت۔ شش طرف۔ شش آئینہ۔ شش رو۔ شش و ہفت۔ ہفت رنگ۔ شاخ ہفت بیخ۔ ہفت آہنی نبرد۔ آتش ہفت جوش۔ ہفت در بند۔ ہفت روز۔ ہفت روزہ۔ ہفت آئینہ۔ ہفت رواق۔ ہفت منظر۔ ہفت محل۔ ہفت بام۔ تیرہ مغاک۔ آتشیں محل۔ خود رائے۔ رواقِ سپہر خار۔

تنگ۔ کہنہ۔ عالمِ ناسوت۔ شعبہ آب و خاک۔ چاہ بے بن۔ سادہ دشت۔ حصار بے ہوشاں۔ دیرینہ دور۔ دور کہن۔ پنہاں شکنج۔ چمن ناپائیدار۔ غارِ ژرف۔ زخمۂ دام و دد۔ خانۂ خاک نوش۔ خانۂ کام و ہوا۔ زنِ اژدہا خو۔ دہلیز تنگ جادہ رزق۔ رودسیر۔ دریائے خاموش۔ گل بے ثبات۔ وادیٔ ویرانہ۔ دیرینہ گلشن۔ کہن زال۔ گزر گاہ تنگ۔ اژدہائے معشوقہ نام۔ دام گاہ۔ نوردِ نو۔ درج عقبہ۔ بے وفا۔ غدار۔ دریا عجوز۔ شطرنج۔ کہن۔ تنگ نائے۔ جاں ربا۔ مقامِ رنج و عنا۔ طاوس بے پر۔ زال۔ ناپائیدار۔ خراب۔ پُرفن۔ خارستان۔ حادث۔ مکار۔ حیلہ ساز۔ حیلہ جو۔ بازیگر۔ جائے کون و فساد۔ حباب۔ مقامِ حوادث۔ چند روزہ۔ سراب۔ فانی۔ ماتم کدہ۔ نیرنگ ساز پُرنقش۔ نقش۔ نقش برآب۔ بے ثبات۔ قید خانہ۔ زنداں۔ کن فکاں۔ حادثہ زا۔ کہنہ دمن کج بنا۔ بے بنیاد۔ بساط۔ بسیط۔ باغ۔ باغ آراستہ۔ عروس۔ سرخ و زرد۔ کیمیا گر۔ پُرنور۔ گلستاں۔ عشرت کدہ۔ بوقلموں۔ گلزار۔ چمن۔ گلشن۔ نورانی۔ مقامِ کشت۔ مقامِ آزمائش۔

چار عرض۔ جسمِ مطلق۔ جسم نامی۔ حیوان۔ انسان۔ چار نفس۔ امارہ۔ لوامہ۔ ملہمہ مطمئنہ۔ چار منزل۔ شریعت۔ طریقت۔ معرفت۔ حقیقت۔ چار تخم۔ اسبغول۔ بارتنگ تخم ریحاں۔ کنوچہ۔ چار جوئے۔ جیحوں۔ سیحوں۔ نیل۔ فرات۔ چار طوفان۔ طوفان آب قوم نوح۔ طوفان باد قوم ہود۔ طوفان خاک قوم صالح۔ طوفان آتش قوم لوط۔ چار مرغ خلیل۔ کبوتر۔ کوّا۔ مرغا۔ مور۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے بموجب حکم اللہ تعالےٰ کے ان چاروں جانوروں کو ذبح کرکے ان کا گوشت ایک پہاڑ پر رکھدیا۔ پھر اپنے نزدیک طلب کیا چاروں جانور زندہ ہوکر حاضر ہوئے چار کان۔ کان آتشی۔ کان لعل و یاقوت۔ کان آبی کان مرجان و مروارید۔ کان بادی۔ کان نباتات قیمتی۔ کان خاکی کان الماس و زر و نقرہ۔ چار فصل۔ زمستاں۔ تابستاں۔ ربیع۔ خریف۔ چار تکبیر۔ کنایہ ہے کسی چیز کے ترک کردینے سے اس لئے کہ چار تکبیر کنایہ ہے نماز جنازہ سے کہ اس میں چار ہی تکبیریں ہوتی ہیں۔

مرکبات لفظ پنج

پنج دعا۔ پانچوں وقت کی نمازوں سے کنایہ ہے۔ پنج پایہ۔ آبی جانور۔ عربی سرطان۔ ہندی کیکڑا۔ پنج گشت۔ ایک قسم کی گھاس ہے۔ ہندی سنبھالو کہتے ہیں۔ اور دواؤں میں کام آتی ہے۔ پنج نوبت۔ پانچ وقت کی نوبت جو

بادشاہوں اور امیروں کے دروازے پر بجتی ہے اور یہ پانچ وقت کی نوبت سلطان سنجر نے مقرر کی تھی اس سے پیشتر تین وقت کی نوبت بجا کرتی تھی پنج وچہار نو آسمانوں سے کنایہ ہے یا پانچ حواس اور اربعہ عناصر سے۔ پنج گنج۔ حواس خمسہ اور نمازہائے پنجگانہ سے کنایہ ہے۔ بعضوں نے خمسہ نظامی کو کہا ہے۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ پنج گنج عبارت ہے پرویز کے پانچ خزانوں سے منجملہ آٹھ خزانوں کے۔ پانچوں کے نام یہ ہیں (۱) گنج بادآورد۔ اس کو شائگان بھی کہتے ہیں (۲) گنج گاؤ (۳) گنج عروس (۴) گنج سوختہ (۵) گنج شادآورد۔ پنج ارکان حج شافعی کے نزدیک (۱) احرام باندھنا (۲) صفا ومروہ کے درمیان دوڑنا (۳) میدان عرفات میں ٹھیرنا (۴) مزدلفہ میں قیام کرنا (۵) کعبہ شریف کا طواف کرنا عرفات سے پلٹنے کے بعد۔ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک تین ارکان ہیں سوائے دوڑنے درمیان صفا ومروہ کے۔ اور ٹھہرنے کے مقام مزدلفہ میں۔ پنج ارکان اسلام کلمہ طیبہ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکواۃ۔ پنج حس۔ دریافت کرنے کی پانچ قوتیں۔ سننا۔ دیکھنا۔ سونگھنا۔ چکھنا۔ چھونا۔ پنج نوش۔ ایک مرکب ہے جس میں یہ اجزا ہوتے ہیں پارہ۔ فولادی لوہا۔ تانبا۔ ابرک۔ لوہے کا میل جو آگ پر رکھنے سے نکلتا ہے اہل ہند اس کو سخ امرت کہتے ہیں۔ یعنی پانچ آب حیات۔ اس لفظ کا معرب فنجنوشں ہے۔ پنجرہ و پنجر۔ جو حز مشبک ہو جیسے عمارتوں کی جالی وغیرہ۔ اور اس گھر کو کہتے ہیں۔ جس کو جانوران درندہ اور طیور کے

واسطے بناتے ہیں۔ پنجگاہ۔ اوقات نمازہائے پنجگانہ و نام پردۂ موسیقی۔ اور حواس خمسہ سے بھی کنایہ ہے۔ پنجہزاری۔ سب سے اعلےٰ منصبدار کو کہتے ہیں۔

مرکبات لفظِ شش

شش جہت۔ اطراف عالم۔ پورب۔ پچھم۔ اتر۔ دکھن۔ اوپر۔ نیچے ششدر۔ اُس مقام سے کنایہ ہے جس جگہ سے رہائی دشوار ہو اور مجازا عاجز و حیران و متحیر کو کہتے ہیں۔ شش روز۔ پیدائش عالم کے چھ دن۔ قرآن میں آیا ہے۔ اللہ الذی خلق السمٰوات والارض فی ستۃ ایام۔ ترجمہ۔ اللہ ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ شش دانگ تمام چیز مراد ہے۔ شش خاتون۔ چھ سیارے ستارے سوائے آفتاب کے شش سری۔ کھرا سونا۔ شش ارکان۔ عربی ستہ ضروریہ۔ وہ چھ چیزیں کہ انسان جب تک زندہ ہے بدون ان کے رہ نہیں سکتا (۱) ہوا جو جسم کو گھیرے ہوئے ہے (۲) کھانا پینا (۳) حرکت و سکون بدن یعنی چلنا پھرنا۔ بیٹھنا۔ اٹھنا۔ (۴) حرکت و سکون نفس۔ جیسے غصہ۔ خوشی۔ خوف۔ رنج۔ خجالت۔ (۵) سونا۔ جاگنا (۶) استفراغ و احتباس۔ استفراغ مثلاً پاخانہ۔ پیشاب ہونا۔ جماع کرنا۔ فصد لینا۔ نہانا۔ احتباس ان چیزوں کے رکنے کو کہتے ہیں۔ ششدرہ محل ملاک کو

کہتے ہیں اور عجز و تحیر سے کنایہ ہے۔ اور ایہاً گا عالم کو بھی کہتے ہیں۔

مرکبات لفظ ہفت

ہفت دریا۔ اول دریائے اخضر۔ دوم دریائے عماں۔ سوم دریائے قلزم اور اس کو بحر احمر بھی کہتے ہیں۔ اور قلزم عام دریا کو بھی کہتے ہیں۔ چہارم دریائے بربر۔ پنجم دریائے اوقیانوس۔ ششم دریائے قسطنطنیہ اس کو بحر الروم بھی کہتے ہیں۔ ہفتم دریائے اسود۔ کعب احبار سے روایت ہے کہ حق تعالیٰ نے سات دریا اس تفصیل سے پیدا کئے۔ (۱) بحر محیط اس کو نبطش بھی کہتے ہیں (۲) بحر قیس (۳) بحر اصم (۴) بحر مظلم۔ بحر مراس۔ (۶) بحر ساکن (۷) بحر باکی۔ یہ سب دریا ایک دوسرے پر محیط ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر۔ ترجمہ۔ اور دریا ہو سیاہی اس کی پیچھے اس کے ہوں سات دریا۔ اور صاحب برہان قاطع نے دریاؤں کے یہ نام لکھے ہیں (۱) دریائے چین (۲) دریائے مغرب (۳) دریائے ردم (۴) بحر نبطش (۵) بحر طبریہ (۶) بحر جرجان (۷) بحر خوارزم۔ ہفت قرائے الٰہی کو ہفت پیر بھی کہتے ہیں۔ اول نافع مدنی۔ دوم ابو عمرو بصری۔ سوم ابن عامر شامی۔ چہارم عاصم کوفی۔ پنجم حمزہ کوفی ششم علی کوفی ملقب بہ کسائی۔ ہفتم عبد اللہ بن کثیر مکی۔ ہفت قرأت وہ

سات قرائتیں جو انھیں قراء سبعہ موصوف الصدر سے منسوب ہیں۔ ہفت کشور (۱) چین (۲) ترکستان (۳) ہند (۴) توران (۵) ایران (۶) روم (۷) شام۔ اور بعضوں نے بجائے ترکستان کے فرنگ کو شمار کیا ہے۔ ہفت اختر (۱) قمر ماہ (۲) عطارد تیر (۳) زہرہ ناہید (۴) شمس خورشید (۵) مریخ بہرام (۶) مشتری برجیس (۷) زحل کیوان ہفت جوش۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ لوہا۔ سیسا۔ رانگا۔ ہفت خط۔ ساتوں خط جو جام جمشید میں تھے اور اُن کے نام اس ترتیب سے ہیں (۱) خط جوریہ خط جام کے کنارے تھا سب خطوں کے اوپر (۲) خط بغداد (۳) خط بصرہ (۴) خط ازرق۔ اس کو خط سبز و خط سیاہ و خط شب بھی کہتے ہیں (۵) خط درشکر اور خط خیرہ بھی کہتے ہیں (۶) خط کاسہ (۷) خط فرودینہ۔ اس خط کو مزور بھی کہتے ہیں۔ ہفت سبع۔ قرآن مجید کے سات حصے جس کو سات منزلیں بھی کہتے ہیں اس لئے کہ قاریانِ سلف نے قرآنِ مجید کا ختم ایک ہفتہ (سات دن) میں مقرر کیا ہے اور سورتوں کا تعین بہ ترتیب حروف الفاظ فمی بشوق کیا ہے۔ ف سورۂ فاتحہ سے سورۂ نسا تک۔ م سورۂ مائدہ سے سورۂ توبہ تک۔ ی۔ سورۂ یونس سے سورۂ نحل تک۔ ب سورۂ بنی اسرائیل سے سورۂ فرقان تک۔ ش سورۂ شعرا سے سورۂ یٰسین تک۔ و سورۂ والصافات سے سورۂ حجرات تک۔ ق۔ سورۂ قٓ سے سورۂ ناس یعنے آخر قرآن تک۔ اور نزدیک بعض علما کے

قرآن مجید باعتبار معانی کے سات قسموں پر منقسم ہے۔ وعدہ۔ وعید۔ وعظ۔ قصص۔ امر۔ نہی۔ ادعیہ۔ ہفت اورنگ۔ ہفت ستارہ بنات النعش۔ ہفت رنگ سفید۔ سیاہ۔ سرخ۔ سبز۔ زرد۔ کبود۔ عباسی۔ اس کو قرمزی بھی کہتے ہیں۔ ہفت امام۔ مطابق مذہب اہل سنت۔ امام اعظم ابو حنیفہ۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد بن حنبلی۔ امام ابو یوسف۔ امام محمد۔ امام زفر۔ ہفت پردہ چشم ان پردوں کو طبقات کہتے ہیں (۱) طبقہ ملتحمہ (۲) طبقہ قرنیہ (۳) عنبیہ۔ (۴) عنکبوتیہ (۵) شبکیہ (۶) مشیمہ (۷) صلبیہ۔ ہفت قلم۔ کنایہ ہے سات معروف خطوں سے (۱) ثلث (۲) محقق (۳) توقیع (۴) ریحان (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) تعلیق۔ ہفت اندام بحسب ظاہر۔ سینہ۔ سر۔ پشت۔ دونوں ہاتھ۔ دونو پاؤں۔ بحسب باطن۔ دماغ۔ دل۔ جگر۔ سپرز۔ شش۔ زہرہ۔ معدہ۔ بعضے بجائے معدے کے گردہ کہتے ہیں۔ اور مطابق تصریح صاحب تفسیر حسینی کے یہ اعضا ہیں۔ چشم۔ گوش۔ زبان۔ بطن۔ فرج۔ دست۔ پا۔ اور ہفت اندام ایک رگ کا نام بھی ہے۔ ہفت اقلیم۔ اس کو ربع مسکون بھی کہتے ہیں۔ یعنی چوتھائی حصہ زمین کا جو آباد ہے۔ باقی تین حصے پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ ان اقالیم کی تفصیل بیان کرنے میں طوالت ہے۔ ہفت مردان اقطاب۔ اوتاد۔ نقبا۔ نجبا۔ ابدال۔ غوث۔ اخیار۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس لفظ سے مراد اصحاب کہف ہیں جن کی تعداد سات ہے اور علی اختلاف الروایات

نام یہ ہیں (۱) یملیخا (۲) مکسلمینا (۳) کشفوطط (۴) تبیونس (۵) کشافطیونس (۶) اذرفطیونس (۷) یوانس نونس۔ اور ان کے ساتھ جو کتا غار میں سو رہا ہے اُسکا نام قطمیر ہے۔ ہفت زمین۔ صاحب جواہر التفسیر کی تصریح کے مطابق طبقاتِ زمین کے نام یہ ہیں۔ اول زمکا۔ دوم اخلدہ۔ یہ دوزخ کے بچھوؤں کا مسکن ہے۔ سوم عرفہ۔ یہ دوزخ کی مکڑیوں کا محل ہے۔ چہارم عربیا۔ یہ دوزخ کے سانپوں کا مقام ہے۔ پنجم ہوملنا۔ ششم سجین۔ اور اس میں فاسقوں کے اعمال کا دفتر ہے۔ ہفتم عجیبا۔ اور یہ مقام ابلیس اور اُس کے پیروؤں کا ہے۔ ہفت خوان رستم۔ وہ سات منزلیں جس راہ سے رستم کیکاؤس کی رہائی کے واسطے اطراف قلعۂ مازندراں میں گیا تھا۔ ہفت خوان اسفندیار وہ سات منزلیں جدھر سے اسفندیار اپنی دونوں بہنوں کی رہائی کے لئے قلعۂ روئیں دژ کو گیا تھا۔ ہفت بہشت۔ کنایہ ہے دشمنی کی باتوں سے۔ ہفت آنہ۔ آرائش وزیور و اسباب عروسی کو کہتے ہیں۔ اور ہفت نہ ساز کے تاروں سے بھی مراد ہوسکتی ہے اس لئے کہ رباب وغیرہ پر سات یا نو تار ہوتے ہیں۔ ہفت گاہ۔ ہفت اقلیم سے عبارت ہے۔ ہفت گنجینہ بادشاہان ایران کا دستور تھا کہ سات قسم کے خزانے رکھتے تھے۔ تفصیل یہ ہے (۱) نقود (۲) جواہر (۳) کپڑے (۴) حیوانات (۵) کھانے کی چیزیں (۶) اراضی (۷) باغات۔ ہفت کوہ۔ سات پہاڑ۔ اول کوہ قاف۔ دوم کوہ دماوند۔ سوم کوہ سراندیپ۔

چہارم کوہ گلستاں۔ پنجم کوہ درن۔ششم کوہ لزکیاں۔ ہفتم کوہ چین۔ اور صاحب مراۃ الخیال نے سوائے اِن سات پہاڑوں کے دوسرے دو پہاڑ اور بھی لکھے ہیں۔ ایک جبل النور۔ دوسرا جبل القمر۔ **ہر ہفت**۔ عورتوں کے سات سنگار۔ مہندی۔ سُرمہ۔ پان۔ مسی۔ چوٹی۔ افشاں۔ زیور۔ **ہفت دوزخ**۔ (بلا قید ترتیب) سقر۔ سعیر۔ نطی۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔ **ہفت ہیکل**۔ وہ سات دعائیں جو ہفتے کے سات دنوں میں روز ایک دعا پڑھی جاتی ہے۔ **ہشت بہشت**۔ خلد۔ دارالسلام۔ دارالقرار۔ جنت عدن۔ جنت الماویٰ۔ جنت النعیم۔ علّیین۔ فردوس۔ **ہشت صفات**۔ معرفۃ اللہ۔ علم۔ شکر بر حال۔ من رضا القسمتِ ازلی۔ صبر بر بلا۔ قلت رزق۔ تعظیم لامر اللہ۔ الشفقۃ علی خلق اللہ عفت و پارسائی۔ **ہشت و چہار چشم فلک**۔ کنایہ ہے آسمان کے بارہ بُرجوں سے۔

بیان لفظ گُل

جس مقام پر لفظِ گُل تنہا بلا اضافت کسی درخت کے نام سے مذکور کیا جائے وہاں خاص گُلِ سُرخ (گلاب کا پھول) سے مراد ہوتی ہے جسکو عربی میں وَرْد کہتے ہیں۔ اور اگر کسی درخت کی طرف مضاف ہو تو اس صورتِ خاص میں اُسی درخت کا پھول مقصود ہوتا ہے جیسے گُلِ سوسن۔ گُلِ نرگس وغیرہ۔

گُل کا لفظ اُردو میں اکثر معنوں پر آتا ہے جن میں سے بعض یہ ہیں (۱) وہ داغ کہ آگ میں جلنے سے جسم پر پڑ جائے (۲) جلے ہوئے پینے کے تنباکو کا قرص جو حقے کی چلم میں حقہ پینے کے وقت جلکر رہجاتا ہے (۳) وہ چمڑا جس کو کفش میں ایڑی کے مقام پر موچی سی دیتے ہیں۔ شیخ ناسخ فرماتے ہیں۔ ؎

کہہ رہا ہے اندنوں میری طرح ہر گلعذار — عطر اُس کے کفش کے گُل کا اب اے عطار کھینچ

(۴) کبوتروں کے پروں پر جو دوسرے رنگ کے خوبصورت نشان ہوتے ہیں (۵) گھوڑے کے جسم کے خوبصورت اور موزوں وضع کے نشانات۔ (۶) چراغ یا شمع یا لیمپ کی بتی جل جانے کے بعد جس قدر سیاہ ہو جاتی ہے اس کے تراشنے کے آلے کا نام گلگیر ہے (۷) کاغذ کا گول ٹکڑا جس پر افیون وغیرہ لگا کر درد سر دفع ہونے کے واسطے کنپٹی پر چپکا دیتے ہیں (۸) چاندی یا سونے وغیرہ کے ورق کا مدوّر ٹکڑا جس کو معشوق پھول کی طرح مقراض سے کاٹ کر اپنی کنپٹی پر خوبصورتی کے لئے دونوں طرف جماتے ہیں (۹) وہ داغ جو معشوق کا چھلا آگ میں گرم کر کے جسم پہ کھایا جاتا ہے۔ امان علی سحر کہتے ہیں ؎

کیا حرارت ہے مری نبض میں سوزِ غم سے
ہاتھ پر گُل ترے چھلوں کے ہیں مرجھائے ہوئے

مرکباتِ لفظِ گُل

گُلِ رعنا۔ دورنگ کا پھول۔ اس پھول میں اندر سُرخی اور باہر زردی ہوتی ہے۔ گُلِ گلاب۔ بعض میخواروں کی اصطلاح میں شراب کو بھی کہتے ہیں۔ گُلِ آفتاب۔ سورج مکھی کا پھول گُلِ ماہتاب۔ مہتاب کی روشنی کے وہ ٹکڑے جو درختوں کے پتوں کے درمیان سے زمین پر آتے ہیں۔ اور ایک پھول کا بھی نام ہے جس کو حیدرآباد میں گل چاندنی کہتے ہیں۔ گلگشت۔ مرغوب اور تفریح کی جگہوں میں سیر کرنا۔ گلاچ ایک قسم کے حلوے کا نام ہے گلقند۔ مشہور دوا۔ اور لبِ معشوق سے بھی کنایہ ہے۔ گلبدن۔ وہ رنگین کپڑا جس کو باندھنوں کہتے ہیں گلنار ایک قسم کا انار ہوتا ہے جس میں سوائے پھولوں کے پھل نہیں ہوتے مگر پھول بہت بڑا ہوتا ہے اور اس کو گلنار فارسی کہتے ہیں گل افسار۔ سین مہملہ کے ساتھ۔ گھوڑے کا ایک زیور سونے یا چاندی کا جو اس کے گلے میں پہناتے ہیں۔ گل خار۔ ایک خاردار گھاس ہے جس کا پھول سُرخ کبودی مائل ہوتا ہے حیدرآباد میں کٹائی کہتے ہیں گل گز۔ ایک پھول ہے سُرخ کبودی مائل۔ اس رنگ کو عرف میں عباسی کہتے ہیں۔ گُل فشاں گُلریز۔ ایک آتشبازی کا نام ہے جس کو حیدرآباد میں پھلجھڑی کہتے ہیں۔ گلپانگ۔

(۱) آواز شاطراں و قلندراں (۲) مطلق شور و غل جو شادی اور خوشی کے وقت ہوتا ہے (۳) آواز بلبل (۴) آواز خوش (۵) خوشخبری۔ **گُلِ حلوا** وہ نقش جو پسے بادام اور زعفران وغیرہ سے پھول کی طرح حلوے پر بناتے ہیں۔ **گلِ صد برگ** (۱) گُلِ سرخ (۲) گلنار فارسی۔ گیندا۔ **گلِ چشم**۔ اندک سفیدی جو آنکھ کی سیاہی پر پیدا ہو جائے حیدرآبادی پھلّی۔ **گلدار** نقش و نگار والی چیز اور داغدار چیز کو کہتے ہیں۔ **گلخن** (۱) آتشگاہ آگ کی جگہ (۲) آتشدان حیدرآبادی بھاڑ اور چولھا (۳) اخگر آتش۔ آگ کی چنگاری۔ **گلگوں**۔ سرخ رنگ۔ نام اسپ شیریں جو فرہاد کی معشوقہ تھی اور مجازاً ہر خوبصورت گھوڑے کو کہتے ہیں۔ **گلبام**۔ ایک فارسی راگنی کا نام ہے۔ **گلبدن**۔ ایک قسم کا ریشمی اور سوتی کپڑا اور معشوق سے بھی کنایہ ہے۔ **گلِ شیریں**۔ ایسی وضع بنانا جس کے دیکھنے کے واسطے دوسروں کو شوق و رغبت ہو۔ **گلبن**۔ پھولوں سے لدا ہوا درخت[۱] **گلبرگ** پھول کی پنکھڑی **گل خودرو یا گل بیگانہ**۔ وہ پھول جو صحرا اور باغ وغیرہ کے اطراف میں خودبخود اُگتے ہیں **گل کاغذی** رنگین خواہ سفید کاغذ کے پھول **گل غنچہ** گلگونہ جسکو صفائی رنگ کے واسطے چہرے پر ملتے ہیں **گلگونہ** ایک مرکب رنگین چیز ہے جس کو عورتیں چہرے کا رنگ صاف اور چمکدار ہونے کے لئے استعمال کرتی ہیں **گلستاں زادہ** پھول۔ سبزہ اور کنیزک زادہ۔ **گلگچھہ**۔ مولود کے عقیقے کے دن تک خوشی منانا شاید اسی رسم کا

۱؎ [illegible]

نام حیدرآباد میں چھٹی رکھا گیا ہے **گلدستہ** مشہور و معروف معنوں کے سوا مسجد میں بلند جگہ پر اذاں کے واسطے مختصر مکان یا منار بنا دیتے ہیں تاکہ موذن کی آواز دور تک پہنچے اور اردو میں ماہواری غزلوں کے پرچے کو کہتے ہیں **گلکنڈہ** بضم اول و بضم کاف عربی و سکون نون و دال مہملہ مفرس و مخفف گول کنڈہ۔ ایک قلعہ کا نام ہے جو حیدرآباد دکن سے جانب غرب تین کوس کے فاصلہ پر واقع ہے۔ **گلِ جعفری**۔ زرد رنگ کا پھول۔ **گلالی**۔ گلفروش و باغبان۔ حیدآبادی مالی گلشن تخلص شاعر۔ **گلِ پیکانی**۔ لالہ پیکانی۔ **گلِ بحری**۔ ایک قسم کا سرخ پھول شجرفی رنگ شاید دریائی پھول ہے۔ **گلِ کشتی**۔ وہ پھول جو ایک پہلوان دوسرے پہلوان کے نزدیک کشتی لڑنے کو بھیجتا ہے۔ اور میر نجات شاعر کی مثنوی کا بھی نام ہے۔ جس میں کشتی کے اصطلاحات بیان کئے ہیں۔ **گلِ پیادہ** جس کی گھریا چھوٹی ہو مثل نرگس و لالہ و سوسن بنفشہ وغیرہ۔ اور گلِ خورد کو بھی کہتے ہیں۔ **گلگیر**۔ ایک خاص وضع کی مقراض جس سے شمع و چراغ وغیرہ کا گل کترتے ہیں۔ **گلدم**۔ ایک قسم کا جانور جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور دم کے نیچے سُرخی ہوتی ہے۔ حیدرآباد میں اس کو بھی بلبل کہتے ہیں۔ یہ جانور آپس میں لڑائے جاتے ہیں۔ خواجہ آتش کہتے ہیں۔ ع

شوق اندنوں اس گل کو ہے گلدم سے زیادہ

گلِ بازی۔ اضافت کے ساتھ وہ پھول جس کو دو شخص کسی قدر فاصلے پر کھڑے ہو کر

لے حیدرآباد میں لا اضافت کے بھی بولتے ہیں۔

ہاتھ ذرا بلند کر کے ایک دوسرے کی طرف پھینکتے ہیں۔ یہ تار گھڑیوں بندھا رہتا ہے کہ پھول زمین پر نہیں گرنے پاتا اور جس سے پھول گر جاتا ہے اس کو اکثر پلکوں سے اٹھانا پڑتا ہے۔ گلِ خندہ۔ ہر ایک کھلا ہوا پھول اور منہ کھول کر ہنسنا قہقہہ۔ گلِ طرہ۔ ایک قسم کا سرخ پھول حیدرآبادی کلغہ۔ گلاب جامن۔ ایک مٹھائی کا نام ہے اور بنگالے میں، ایک پھل کو بھی کہتے ہیں۔ گلِ پیچ۔ ایک قسم کی کیل کا نام ہے۔ گلاب پاش۔ ایک ظرف کا نام ہے جس سے گلاب وغیرہ چھڑکتے ہیں۔ گلابی۔ چھوٹا گول شیشہ رنگین اور پھولدار۔ ایک رنگ کا بھی نام ہے۔ گلدان۔ وہ ظرف جس میں پھولوں کا گلدستہ یا پھولوں کا درخت رکھتے ہیں۔ گلدام۔ چھوٹا جال۔ پھندا۔ اور مجازاً قفس کو بھی کہتے ہیں۔ گلچیں۔ باغباں۔ مالی۔ گلِ پیرہن۔ معشوق سے کنایہ ہے۔ گلِ ابر۔ ابر کا ٹکڑا۔ بدلی کا ٹکڑا۔ گلِ مشکی۔ ایک سیاہ پھول۔ گلِ تسبیح۔ تسبیح کا امام۔

مرکباتِ لفظ سر

سرِ تنہا۔ اضافت کے ساتھ۔ یکہ و منفرد کو کہتے ہیں۔ سرکوب سوائے معنی ترکیبی کے اس کو کہتے ہیں جو اپنے اقران و امثال میں زیادہ بلند مرتبہ ہو۔ اور دَمدمہ جس کو لکڑی۔ پتھر۔ اور مٹی سے بلند جگہ پر لڑائی کے واسطے بناتے ہیں .... سرِ نشیب۔ سرنگوں۔ اوندھا۔ سرداب۔ سرداب

تہ خانے کو کہتے ہیں۔ سردست۔ باضافت فی الفور۔ جلد۔ اور بلا اضافت حقیر وکم۔ سرپرست۔ خادم۔ خدمت کرنے والا۔ اور کنایہ والی سے بھی ہوتا ہے سرتاج وسر آغوش۔ گیسو پوش زناں۔ مانند لمبی تھیلی کے ہوتا ہے جس میں بالوں کو رکھتی ہیں۔ اور یہ طریقہ زنان عجم کا ہے۔ سرقوج۔ واو معروف اور جیم عربی کے ساتھ۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام ہے۔ سرلوح نقش ونگار جو کتاب کے پہلے ورق پر بناتے ہیں۔ سرکمند۔ جائے پناہ وجائے محافظت۔ وسبب نجات۔ دوجہ۔ سرآمد۔ بہتر۔ ممتاز۔ سردار۔ کامل۔ سرشار۔ لبریز۔ مست۔ بیخود۔ سروکار۔ خواہش کار۔ مطلب۔ غرض۔ سرچشمہ دار۔ جو شخص کسی چیز کا موجد ہو۔ سرتیز۔ ہر چیز نوکدار۔ اور مجازاً سرکش وجنگجو کو بھی کہتے ہیں۔ سرعشر بضم عین وہ دس آیتیں جو بچوں کو تسمیہ خوانی کے وقت تبرکاً وتیمناً پڑھائی جاتی ہیں۔ اور بفتح عین وہ نشان جو دس آیتوں کے بعد قرآن شریف میں بنایا جاتا ہے جس کو رکوع کہتے ہیں اور اُس کی نشانی حرف ع ہے۔ سرجوش صاف وخلاصہ۔ ہر چیز۔ اور شوربا یا گلاب یا شراب وغیرہ جس کو پہلے جوش میں دیگ سے لیتے ہیں۔ سرخوش۔ جو شخص شراب کے نشے سے خوش ہو۔ اور جس کی مستی معتدل ہو۔ واضح رہے کہ مستی کے چار درجے ہیں۔ اول سرخوش دوم تردماغ۔ سوم سیہ مست۔ چہارم خراب۔ سرخط۔ خوشنویسوں کی لکھی ہوئی وصلی اور خط یادداشت روز نوکری کو بھی کہتے ہیں۔ سرمشق۔ خوشنویسوں کی لکھی ہوئی

وصلی جس کو دیکھکر مشق کرتے ہیں۔ **سر چنگ**۔ زور سے کسی کے سر پر ہاتھ
مارنا جیسے آبادی دھپ۔ **سر انجام**۔ آخر و انتہائے ہر چیز و پایان کار۔ **سر گم**۔ بضم کاف
فارسی۔ بے ابتدا و بے انتہا۔ **سر قلیاں**۔ چلم جو حقے پر رکھتے ہیں۔ **سر گرم**۔ مشغول
اور کسی کام میں مشغول ہونے والے کو کہتے ہیں۔ اور مست کے معنی بھی ہیں۔
سر پنجہ۔ (۱) پنجہ دست (۲) زور و قوت (۳) مجازاً ظلم و تعدی۔ (۴) مرد قوی دست
جس نے مشق کر کے اپنے پنجے میں زور بڑھایا ہو۔ (۵) ظالم اور قوت دار آدمی
سر حلقہ دہ عقل۔ عقل اول سے کنایہ ہے۔ بنا بر مذہب حکماء عقل اول سے
وہ فرشتہ مراد ہے۔ جس سے دوسرے نو فرشتے پیدا ہوئے اور اس کو
جوہر اول بھی کہتے ہیں اور برہان قاطع میں لکھا ہے کہ عقل اول سے
نور محمدی مراد ہے۔ اور جبرئیل سے بھی کنایہ ہے علیہما السلام۔ **سر سخن**
بلا اضافت۔ ابتدائے کلام۔ عنوان۔ داستان۔ **سراچہ**۔ چھوٹا مکان۔ ایک
قسم کا خیمہ۔ اور عموماً چھوٹے خیمے کو بھی کہتے ہیں۔ **سر خانہ**۔ پایہ۔ رتبہ۔ رایہ
ہر چیز کی انتہا اور موسیقی کی اصطلاح میں بلند آواز کو کہتے ہیں۔
سراسیمہ۔ شوریدہ و پریشاں۔ **سر سجدہ**۔ مُہر نماز۔ جس پر سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گاہ۔ **سر پوشیدہ**۔ دوشیزہ و پاکیزہ۔ **سر گزشت**۔ واقعات سابقہ۔ پہلی حالت
سر گردگی۔ افسری و سرداری۔ **سر بازاری**۔ بازار میں آوارہ پھرنا۔ **سر براہی**
[illegible] انجام دینا

اور اہتمام کرنا۔ (۴) ممتاز ہونا۔ سرخوشی۔ سرور و نشۂ شراب و مستی معتدل۔ سرگوشی کسی کے کان میں آہستہ بات کہنا۔ سرپرستی۔ کسی کی غمخواری اور مدد کرنا۔ سرآوری۔ گردآوری سرنوشت۔ خطِ پیشانی۔ سربراہ۔ عملدار۔ سرحساب۔ واقف۔ آگاہ۔ متنبہ۔ سررشتہ دفتر۔ سرکار کسی کام کا مہتمم۔ سرطوق۔ بلا اضافہ۔ چند آبادی گلشن۔ سردستی جو چیز حاضر ہو اور باصطلاح قلندراں چوبدستی کو کہتے ہیں سرپوش۔ ظروف وغیرہ پر ڈھانکنے کی چیز۔ سراسر۔ سرتاپا۔ بالکل۔ سرحد۔ کسی ملک یا شہر وغیرہ کی انتہائی حد۔ کنارہ۔ انتہا۔ حد فاصل۔ سرنامہ۔ مکتوب الیہ کا القاب و نام و نشان وغیرہ سرپیچ۔ ایک قیمتی زیور کا نام ہے مرد جو پگڑی پر لگاتے ہیں۔

سررو۔ ایک رگ کا نام ہے سرزنش۔ ملامت کرنا اور تعزیر کرنا۔ سرزمین۔ شہر ولایت۔ قطعہ زمین۔ سرآسیمگی۔ پریشانی۔ سرگرداں۔ پریشاں۔ آوارہ۔ سرماہ اول ماہ۔ آغاز ماہ۔ پہلی تاریخ۔ سرگرم۔ مستعد۔ چالاک۔ تیز۔ سرخیل۔ سرگروہ افسر۔ سردار قوم۔ سرسبز۔ تازہ۔ سرگروہ پیشوا۔ سرافراز۔ سربلند۔ سرچشمہ۔ چشمہ سرہنگ (۱) سردار لشکر (۲) ہراول (۳) نقیب (۴) چوبدار (۵) پہلوان (۶) کوتوال سراپا خلعت۔ یعنی تمام روز اول تا آخر۔ وصف جملہ اعضائے معشوق۔ سرانداز۔ مقنعہ۔ اور اس شخص کو کہتے ہیں جو ناز و نخوت سے چلتا ہے۔ سرگراں۔ کشیدہ خاطر ناراض۔ مخمور۔ خمار آلود۔ سرتابی۔ کسی کا حکم نہ ماننا۔ مخالفت۔ سرکوچکی۔ فروتنی۔ بیقدری۔ حقارت۔ سردرہوا۔ مشتاق۔ پریشاں۔ آوارہ۔ سرپے۔ بکسر اول و کسر ا

مہملہ و فتح باء فارسی۔ سراپردہ۔ اضافت مقلوب بمعنی پردہ سرائے (مکان) اور خیمے کو کہتے ہیں اور اونچی قنات جو گرداگرد خیمے کے لگائی جاتی ہے سرزلف۔ صاحب مصطلحات لکھے ہیں کہ زلف سے کنایہ ہے اور صاحب برہان نے ناز و عشوہ و عتاب کے معنی لکھے ہیں۔ سرگزشتہ زندگی سے تنگ جان سے بیزار۔ جینے سے عاجز۔ سرکردہ۔ بکاف عربی۔ سرگروہ۔ سردار۔

بعض فارسی الفاظ جن میں سر کا لفظ ہے

سرا مطلق مکان۔ اور وہ مکان جو مسافروں کے فروکش ہونے کے لئے شاہراہوں پر اور شہروں میں بنا دئے جاتے ہیں سراب۔ ریگ صحرا جو گرمیوں میں بوجہ تابش آفتاب کے دور سے پانی معلوم ہوتی ہے۔ اور چاندنی راتوں میں بھی یہ دھوکا ہوتا ہے۔ سراندیپ۔ جزیرہ ہے ہندوستان سے دکھن طرف۔ اسکو سیلان بھی کہتے ہیں اور ہندی میں سنگلدیپ۔ اور اس جزیرے میں شہر آباد ہے اُس کو بھی سراندیپ کہتے ہیں۔ سرو رعنا خوبصورت اور خوشنما سرو کو کہتے ہیں اور معشوق سے بھی مراد ہوتی ہے اور سرو دو رنگ کے بھی معنی ہیں۔ سرو پیادہ۔ سرو کا چھوٹا درخت جو آدمی کے قد کے برابر ہے اور نہایت خوشنما ہوتا ہے سرو آزاد وہ سرو جس میں ایک سیدھی شاخ ہو۔ سرو سہی۔ سرو دو شاخہ جس کی دونوں شاخیں سیدھی ہوں۔ سرو ناز جس کی شاخیں ہر طرف جھکی ہوتی ہیں۔ سرمد۔ ہمیشہ و دائم

اور ایک بزرگ کا نام ہے جن کی فارسی کی رُباعیاں مشہور ہیں۔ **سروش**۔ نام جبرئیل علیہ السلام۔ اور جو فرشتہ نیک پیغام لائے۔ اور آوازِ غیب جس کو الہام کہتے ہیں۔ **سرد مہر**۔ بے محبت و بے رحم اور معشوق سے بھی کنایہ ہے **سرائر**۔ پوشیدہ چیزیں۔ بھید۔ **سرواد**۔ کلامِ منظوم و افسانہ۔ **سرج**۔ گھوڑے کا زین۔ **سرشف** حیدرآبادی سہرسوں۔ ایک زرد تخم ہوتا ہے جس کا تیل نکالا جاتا ہے **سرخس**۔ خراسان کے ایک بڑے شہر کا نام ہے۔ **سرمق**۔ معرب سرمہ حیدرآبادی بتھوا ایک قسم کا ساگ ہے۔ **سرمل**۔ مغلوں کے ایک سردار کا نام ہے **سرمائے گل**۔ خفیف جاڑا۔ گلابی جاڑا۔ **سرغول**۔ آسمان پر ایک شکل کا نام ہے **سردم**۔ ایک بدآواز شخص کا نام ہے۔ **سرنائے شہنا**۔ **سرسام** وہ مرض جو دماغ میں ورم ہونے سے پیدا ہوتا ہے اور خللِ دماغ ظاہر ہوتا ہے **سرطان**۔ ایک آبی جانور جو تالابوں اور دریاؤں میں رہتا ہے اور مینڈک کے برابر ہوتا ہے حیدرآبادی میں کیکڑا کہتے ہیں اور آسمان کے بارہ برجوں سے ایک بُرج کا نام ہے جو اسی جانور کی صورت پر ہے اور ایک قسم کے چھوڑے کا بھی نام ہے۔ **سربان**۔ بفتح اول و ثانی و ثالث۔ کسی چیز کا کسی چیز کے اجزا میں سمانا۔ **سرون**۔ شاخ حیوان حیدرآبادی سینگ۔ **سرنچہ**۔ ایک چھوٹا خوبصورت پرندہ ہے حیدرآباد میں مولا کہتے ہیں۔ **سرائیلی** مخفف اسرائیلی۔ اور کنایہ ہے سامری اور دوسرے کافران بنی اسرائیل سے۔ **سری سقطی**۔ ایک بزرگ کا نام ہے

۱؎ سرانچہ کا مخفف بھی ہے۔

سرما۔ جاڑا۔ سرماسوختہ جو چیز جاڑے کی شدت سے ضائع وتباہ ہو جائے خواہ نباتات ہوں خواہ حیوانات۔ سروچراغاں لکڑیوں سے سرو کے درخت کے مانند بناکر اُس پر روشنی کرتے ہیں۔ سرنشیں۔ پس رو۔ پیچھے چلنے والا۔ سرانہ۔ جزیہ۔ ٹکس۔ سرپیچدار وہ شخص جو اپنے لمبے بالوں کو لپیٹ کر جوڑے کیطرح سر پر رکھتا ہے جیسے مدارے فقیر اور جوگی۔ سرمایہ مال۔ اسباب۔ پونجی۔ سروسامان۔ مال۔ اسباب۔ ضروریات کی چیزیں۔ سرزور۔ زبردست۔ سرکش۔ زور آور۔ طاقتور۔ سرزوری۔ سرکشی۔ انحراف۔ ڈھٹائی۔ سربر۔ غالب۔ سرنو۔ نئے سرسے۔ سرگرانی۔ خمار۔ دردسر۔ تکلیف۔ سرکشی۔ بغاوت۔ بدخواہی۔ بیوفائی نافرمانی۔ عدول حکمی۔ سرفرازی۔ عزت۔ ناموری۔ امتیاز۔ رفعت۔ منزلت۔

بعض اُردو الفاظ جن میں سر کا لفظ ہے

سرڈوب۔ واو مجہول کے ساتھ کوئی شخص یا کوئی چیز جو کسی کیفیت یا کسی رنگ میں غرق ہو۔ سرسہرا رہنا۔ غالب رہنا۔ سرپت۔ ایک گیاس کا نام ہے ہندی میں جسکو پتاور کہتے ہیں۔ سرپٹ گھوڑے کی ایک قسم کی تیز رفتار۔ سرچوٹ۔ امر ناگوار و خلاف طبیعت۔ سرگم ساتوں سُروں کا مجموعہ۔ سرمغزن کسی امر میں زیادہ فکر و تردد کرنا۔ سرمکھ اور سنمکھ مقابل اور روبرو۔ سرپی ٹیک عاجزی و خوشامد۔ اور کشتی کے ایک پیچ کا نام ہے۔ سروپی۔ ایک قسم کا رنگ ہے

سرکھپی۔ کسی کام میں مشقت اور بہت فکر۔ **سرب گہن** پورا گہن سورج گہن ہو۔ یا چاند گہن۔ یعنی جس میں پورا قرص بے نور ہو جائے۔ **سراوگی**۔ بودھ مذہب کا ماننے والا شخص۔ **سَفرتا برتا**۔ حصہ بخرہ۔ بانٹ چونٹ۔ سرانجام۔ انتظام۔ **سَر ہونا** در پے ہونا۔ **پیچھے پڑنا**۔ کسی کام میں نہایت مصروف ہونا۔ **سراہنا**۔ تعریف و توصیف کرنا۔

بعض الفاظ اور ان کے مُرادفات

آسمان۔ سما۔ سپہر۔ فلک۔ چرخ۔ گردوں۔

ابر۔ سحاب۔ غیم۔ میغ۔ غمام۔ عین۔ غین۔

اختر۔ ستارہ۔ کوکب۔ کواکب۔ نجم۔ انجم۔ نجوم۔ نیّر۔ ثریا۔

ارتباط۔ اتحاد۔ اتفاق۔ خلت۔ مودت۔ موالات۔ اختصاص۔ وفاق۔ وُدّ۔ تودد۔ خلوص۔ اخلاص۔ ولا۔ تولا۔ اختلاط۔ دوستی۔ یاری۔ اُلفت محبت۔

آزار۔ ایذا۔ تکلیف۔ عقوبت۔ اذیّت۔ رنج۔ الم۔ زحمت۔

اسپ۔ فرس۔ توس۔ سمند۔ شبدیز۔ رخش۔ کمیت۔ یکراں۔ گلگوں۔ خیل۔ جنیبت۔ یابگی۔ ابرش۔ اشقر۔ ادہم۔ خنگ۔ چرمہ۔ جردہ۔ زردہ۔ سوسنی۔ سبزہ۔ ابلق۔ کمیت۔

اظہار۔ ابراز۔ اعلان۔ وضاحت۔ توضیح۔ تبیین۔ تصریح۔

آغاز۔ شروع۔ عنوان۔ دیباچہ۔ بدو۔ فاتحہ۔ اول۔ ابتدا۔ افتتاح۔ خطبہ۔

آفریں۔ مرحبا۔ حبذا۔ احسنت۔ تحسیں۔ شاباش۔ بارک اللہ۔ ماشاءاللہ۔

سبحان اللہ۔ جزاک اللہ۔

افسوس۔ تاسف۔ حیف۔ تلہف۔ ہیہات۔ وائے۔ دریغ۔ واویلا۔

آفتاب۔ شمس۔ خورشید۔ مہر۔ خور۔ بیضا۔ شارق۔ یوح۔ نیر اعظم۔

امید۔ آرزو۔ رجا۔ توقع۔ ترصد۔ ترقب۔ چشم۔ چشم داشت۔ امل توقع۔ تمنا۔

انجام۔ خاتمہ۔ ختم۔ اخیر۔ عاقبت۔ انتہا۔ منتہا۔ اختتام۔ فرجام۔

بادشاہ۔ سلک۔ خاقان۔ قاآن۔ سلطان۔ حکمران۔ شاہ۔ شہنشاہ۔ خسرو۔ تاجدار۔ شہریار۔ جہاں دار۔ خدیو۔

باغبان۔ کدیور۔ نخلبند۔ سروپیرا۔ سمن کار۔ گل پرور۔ گل دوست۔ چمن آرا۔ چمن پیرا۔ گلشن آرا۔ گلشن پیرا۔

بخیل۔ مسک۔ خسیس۔ انجل۔ لئیم۔ شوم۔ جزرس۔

بدن۔ جسم۔ جثہ۔ جسد۔ تن۔ وجود۔ قالب۔ اندام۔ کالبد خاکی۔

برابر۔ ہمسر۔ ہمعناں۔ مقابل۔ عدیل۔ نظیر۔ مانند۔ متوازی۔ محاذی۔ مساوی۔ مستوی۔

بزرگ۔ جلیل۔ اجل۔ نجیب۔ اشرف۔ شریف۔ گرامی۔ فخیم۔ عظیم۔ مفخم۔ معظم۔ سترگ۔ مجید۔ امجد۔ سامی۔ اکرم۔ مہین۔

بلبل۔ عندلیب۔ ہزار داستان۔ ہزار۔ تمتدر۔ کعیت۔ عنادل۔ شب آہنگ

بہادر۔ شجاع۔ شجیع۔ اشجع۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ جوانمرد۔ پُردل۔ بطل
شیر دل۔ مبارز۔

بہتر۔ اولیٰ۔ انسب۔ خوب۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ نفیس۔ مستحسن۔ زیبا۔

بیمار۔ مریض۔ علیل۔ سقیم۔ رنجور۔ کسلمند۔ ماندہ۔

بیماری۔ مرض۔ علّت۔ سقم۔ رنجوری۔ داء۔ عارضہ۔

پرہیز۔ اجتناب۔ احتراز۔ تجنب۔ حذر۔

پُر۔ لبریز۔ مملو۔ لبالب۔ ممتلی۔ مالامال۔ مُلبّب۔ سرشار۔

پیکر۔ شکل۔ صورت۔ ہیئت۔ طلعت۔ تمثال۔ لقا۔

پیدائش۔ خلقت۔ امکان۔ ابداع۔ اختراع۔ حدوث۔ آفرینش۔
جبلّت۔ سرشت۔ خمیر۔

تحریر۔ ترقیم۔ تسطیر۔ ترسیم۔ تسوید۔ ارتسام۔ رقم۔ ارقام۔ نوشت۔ کتابت۔
نگارش۔

تفویض۔ تحویل۔ حوالہ۔ سپردگی۔ ذمہ۔

تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت۔ سرنوشت۔ طالع۔ مقسوم۔

تمام۔ جملہ۔ کل۔ سائر۔ ہمہ۔ ہمگی۔ یکسر۔ جمیع۔ سراپا۔ سراسر۔

تیغ۔ شمشیر۔ صمصام۔ صارم۔ سیف۔ جُراز۔ حسام۔ پرند۔ پلارک
۔ اشکاف۔

جدید۔ مجدد۔ نو۔ طریف۔ طرفہ۔ حادث۔ تازہ۔

جنون۔ دیوانگی۔ خبط۔ مالیخولیا۔ مانیا۔ سودا۔ قطرب۔

جور۔ ظلم۔ ستم۔ اُشتلم۔ جفا۔ تعدی۔ اعتساف۔ حیف۔ بیداد۔

جہاں زمانہ۔ عالم۔ دنیا۔ گیہاں۔ زماں۔ ربع مسکون۔ گیتی۔ زمن۔ خلق
دہر۔ دور۔ عہد۔ عصر۔ کون۔ ایام۔ روزگار۔

خاندان۔ قبیلہ۔ خانزادہ۔ دودہ۔ دودمان۔ تبار۔

خجالت۔ شرمندگی۔ انفعال۔ خجلت۔ شرمساری۔ تشویر۔ ندامت۔ حیا۔
شرم۔ آزرم۔ حجاب۔

خشم۔ قہر۔ غصّہ۔ خفگی۔ غضب۔ عتاب۔ طیش۔ غیظ۔

خوف۔ ترس۔ رعب۔ مہابت۔ ہیبت۔ ہول۔ ہراس۔ بیم۔ سہم۔ مخافت
دہشت۔ خطر۔ باک۔ مبالات۔ فزع۔ اندیشہ۔ دغدغہ۔

خوش۔ شاد۔ شاداں۔ فرحاں۔ خرم۔ خرسند۔ مسرور۔ فرحناک۔
مبتہج۔ بشاش۔

خواہش۔ رغبت۔ شہوت۔ طوع۔ اشتہا۔ اقتضا۔

دُر۔ لُولُو۔ گوہر۔ مروارید۔ دُرّہ۔ گہر۔

دل۔ قلب۔ جناں۔ خاطر۔ بال۔ ضمیر۔ فؤاد۔

دوات۔ مجرہ۔ نون۔

دیر۔ بتخانہ۔ بتکدہ۔ کنشت۔ کلیسا۔ صومعہ۔ صنم خانہ۔ صنم کدہ۔ ناؤس۔

راہ۔ جادہ۔ طریق۔ رہگزر۔ رہگزار۔ سبیل۔ منفذ۔ گزرگاہ۔ رستہ۔ راستہ۔

روشنی۔ نور۔ تنویر۔ لمعہ۔ لمع۔ تجلی۔ ضو۔ ضیا۔ اجالا۔ فروز۔ فروغ۔ شعاع۔ بہا

سنا۔

رہبر۔ ہادی۔ راہنما۔ مرشد۔ مہدی۔ دلیل۔

زیر۔ تحت۔ پست۔ نشیب۔ فروتر۔ اسفل۔ سافل۔ حضیض۔

زینہ۔ سلم۔ مرقاۃ۔ معراج۔ نردبان۔

زیاں۔ نقصان۔ خسراں۔ خسارہ۔ خسارت۔ نقص۔ خلل۔ زال۔ غبن۔

ساقی۔ پیرمغاں۔ بادہ فروش۔ مغ۔ پیر مغانہ۔ قدح پیما۔ مے فروش۔

پیمانہ پیما۔ حریف میکدہ۔ پیر خرابات۔ مغبچہ۔ خمار۔

سرشار۔ مدہوش۔ مخمور۔ مست۔ بیہوش۔ خراب۔ سرخوش۔

سرکش۔ نافرماں۔ خیرہ۔ باغی۔ عاصی۔ متمرد۔ مرید۔

سخی۔ باذل۔ فیاض۔ دریادل۔ زرپاش۔ جواد۔

سرور۔ خوشی۔ شادی۔ فرح۔ فرحت۔ طرب۔ شادمانی۔ خرمی۔ خورسندی

نشاط۔ ابتہاج۔ ارتیاح۔ بہجت۔ مسرت۔ انبساط۔

سعد۔ مسعود۔ اسعد۔ سعید۔ خجستہ۔ فرخندہ۔ ہمایوں۔ نیک۔ میمون۔ مبارک۔ بجد

سفر۔ سیاحت۔ رحلت۔ غربت۔ مسافرت۔ نہضت۔ ارتحال۔

رحیل۔ سیر

شرف۔ جلالت۔ نبالت۔ نجابت۔ شہامت۔ شرافت۔ مفاخرت۔ کرامت۔ بزرگی۔ مجد۔

شراب۔ مدام۔ بادہ۔ مے۔ رحیق۔ راوق۔ خمر۔ صہبا۔ مل۔ بنت العنب۔ قرقف۔ دختر رز۔ نبید۔ آفتاب۔

شور۔ خروش۔ شغب۔ غریو۔ غوغا۔ غل۔ غلغلہ۔

شیر۔ اسد۔ صیغم۔ ضرغام۔ حیدر۔ غضنفر۔ عباس۔ ہزبر۔ ببر۔ لیث۔ حارث۔ دلہاث۔

صبر۔ شکیب۔ شکیبائی۔ صبوری۔ اصطبار۔

طاہر۔ اطہر۔ مطہر۔ طہور۔ طیب۔ مطیب۔ اقدس۔ مقدس۔ قدوس۔ منزہ۔ مبرا۔ بری۔ مستطاب۔ نظیف۔ پاک۔

طیلسان۔ چادر۔ ردا۔ کسا۔ برد۔

ظاہر۔ اظہر۔ بارز۔ واضح۔ لائح۔ عیاں۔ منکشف۔ مکشوف۔ باہر۔ آشکار۔ آشکارا۔ برملا۔ ہویدا۔ پدیدار۔ پدید۔ فاش۔ مبرہن۔

ظہور۔ بروز۔ نمود۔ وضوح۔ شیوع۔ وقوع۔ شہود۔ کشف۔ انکشاف۔

عاقل۔ فہیم۔ عقیل۔ دانا۔ زیرک۔ خبیر۔ ہوشمند۔ دانشمند۔

عاجز۔ حقیر۔ احقر۔ خاکسار۔ مستہام۔ ضعیف۔ اضعف۔ نحیف۔ مستمند۔

نیاز مند۔

عجلت سرعت۔ شتاب۔ استعجال۔ تعجیل۔ جلدی۔ زودی۔ جلد۔ زود۔

عدو ۔ دشمن۔ خصم۔ مخاصم۔ مخالف۔ معاند۔ بدخواہ۔ کینہ خواہ۔ بداندیش

بدسگال۔

عدیم المثل بےمثل۔ بےعدیل۔ بےنظیر۔ بیچوں۔ یکتا۔ عدیم المثال۔ فقیدالمثل

یکتا۔ عدیم النظیر۔ یگانہ۔

عقل ۔ فہم۔ فراست۔ کیاست۔ خبرت۔ دانش۔ زیرکی۔ دانائی۔

غرور نخوت۔ تکبر۔ کبر۔ منی۔ خودی۔ انانیت۔ عجب۔ استکبار۔ غرہ۔ ترفع۔

غمگین ۔ ملول۔ مغموم۔ مہموم۔ محزون۔ حزین۔ اندوہگیں۔ رنجیدہ۔

فائدہ ۔ سود۔ منفعت۔ نفع۔ تمتع۔ ربح۔ منافع۔ طائل۔

فراق فرقت۔ مفارقت۔ مہاجرت۔ ہجر۔ ہجراں۔ مہجوری۔ دوری۔ جدائی

فراخی کشادگی۔ وسعت۔ فسحت۔

فکر ۔ تفکر۔ تامل۔ تشویش۔ اندیشہ۔ تردد۔ غور۔

قصد ۔ ارادہ۔ عزم۔ عزیمت۔ آہنگ۔ بسیچ۔ تہیہ۔

کثیر ۔ زیادہ۔ بسیار۔ وافر۔ موفور۔ مفرط۔ بلیغ۔ خطیر۔ مزید۔ بنہایت۔

نہایت۔ غفیر۔ بسا۔ فراواں۔ بےپایاں۔ بیکراں۔ بیقیاس۔ بےحساب۔ بیحد۔ حد سے بے

اندازہ۔ لاتعد۔ بیشمار۔ بیش۔ افزوں۔

کشادہ۔ فراخ۔ وسیع۔ عریض۔ بسیط۔ مبسوط۔ باز۔ وا۔ پہنا۔ پہن۔ بسط۔

کم۔ قلیل۔ اقل۔ چیزے۔ قدرے۔ برخے۔ شطرے۔ نیذے۔ شمہ۔ اندک۔

کمینہ۔ فرومایہ۔ دون۔ ادنیٰ۔ ارذل۔ رذیل۔ رذالہ۔ سفلہ۔

گلستاں۔ بوستاں۔ بستاں۔ چمنستاں۔ چمن۔ گلشن۔ باغ۔ باغچہ۔ حدیقہ۔ روضہ۔ ریاض۔ گلزار۔ گلکدہ۔

گمان۔ ظن۔ شک۔ وہم۔ زعم۔ ریب۔ احتمال۔ شبہ۔ خدشہ۔

گناہ۔ جُرم۔ عصیاں۔ معصیت۔ جنایت۔ ذنب۔ جریمہ۔ اثم۔ بزہ۔ خطیہ۔ خطا۔ خطایا۔ معاصی۔

گور۔ قبر۔ لحد۔ مرقد۔ مزار۔ مقبرہ۔ تربت۔

لباس۔ کسوت۔ جامہ۔ ملبوس۔ پوشش۔ پوشاک۔ رخت۔

لشکر۔ عسکر۔ جیش۔ موکب۔ جند۔ فوج۔ کوکبہ۔ جرّار۔

مالدار۔ منعم۔ محتشم۔ متمول۔ غنی۔ دولتمند۔ توانگر۔ مستطیع۔

محکم۔ مضبوط۔ استوار۔ پائدار۔ مستحکم۔ قویم۔ جزیل۔ متین۔ سدید۔ راسخ۔ واثق۔ حصین۔

مخفی۔ پنہاں۔ پوشیدہ۔ مختفی۔ مستور۔ مستتر۔ مضمر۔ نہاں۔ نہفتہ۔ خفیہ۔

مددگار۔ ناصر۔ معین۔ معاون۔ مدد۔ دستگیر۔ ظہیر۔ نصیر۔ موید۔ یاور۔ دستیار۔ مساعد۔

مسافر۔ غریب۔ ابن السبیل۔ سیاح۔ راہی۔ رونده۔ راہرو۔

مفلس۔ فقیر۔ بینوا۔ محتاج۔ مسکین۔ غریب۔ فرومانده۔ بیچاره۔ مفتقر۔

مکان خانہ۔ کاشانہ۔ دار۔ بیت۔ قصر۔ مسکن۔ محل۔ ایوان۔ کوشک۔ کلبہ۔ مشکو۔ سرا۔ کاخ۔ صرح۔

مکر۔ فریب۔ کید۔ تزویر۔ ریو۔ زور۔ شید۔ تلبیس۔ زرق۔ دستان۔ خداع۔ خدعہ۔

مکّار۔ کیّاد۔ شیّاد۔ دغل۔ عیّار۔ غدّار۔ کرپز۔ فریبی۔ حیلہ گر۔ سالوس۔

مہربانی۔ نوازش۔ عنایت۔ رافت۔ مرحمت۔ عاطفت۔ عطوفت۔ شفقت۔ لطف۔ تلطف۔ التفات۔ توجہ۔ اشفاق۔ تفقد۔ مہر۔ کرم۔ اعطاف۔ الطاف۔ عواطف۔ عنایات۔ توجہات۔

میخانہ۔ میکده۔ شرابخانہ۔ خمخانہ۔ خمستان۔ مصطبہ۔ شرابستان۔ خرابات۔ شیرخانہ۔

نامہ۔ خط۔ مکاتبہ۔ مراسلہ۔ مفاوضہ۔ رقیمہ۔ صحیفہ۔ شقہ۔ نمیقہ۔ عریضہ۔ رقعہ۔ ملتمسہ۔ نوشتہ۔ ملاطفہ۔ پروانہ۔ مکتوب۔ طومار۔

نادر۔ بدیع۔ غریب۔ نرالا۔ عجیب۔ انوکھا۔ شاذ۔ نغز۔ طرفہ۔

نظیر۔ مثل۔ مثال۔ مماثل۔ متماثل۔ ہمرنگ۔ آسا۔ مانا۔ ہمچو۔ لیساں۔ ساں۔
وش۔ سحو۔ شبیہ۔ شبہ۔ مشابہ۔ متشابہ۔ بالکلیہ۔

نگہبان۔ حارس۔ حافظ۔ محافظ۔ پاسباں۔ رقیب۔ راعی۔

ورع۔ زہد۔ تقوی۔ تورع۔ پرہیزگاری۔ اتقا۔

وصف۔ حمد۔ نعت۔ منقبت۔ توصیف۔ تعریف۔ مدح۔ ثنا۔ مدیح۔
ستائش۔ نیائش۔ تحسین۔ حمد۔

وصل۔ وصال۔ مواصلت۔ یکجائی۔ قرب۔ قربت۔

ہمیشہ۔ دائم۔ دوام۔ مدام۔ علی الدّوام۔ مستدام۔ ہموارہ۔ خلود۔ مخلد۔
مستمر۔ پیوستہ۔ سرمد۔ جاوید۔ ابد۔

یار۔ حبیب۔ محب۔ انیس۔ ہمنفس۔ غمگسار۔ رفیق۔ ندیم۔ ہمدم
ہوادار۔ غمخوار۔ دوست۔ خلیل۔ مخلص۔ ہواخواہ۔

ارباب بلاغت نے صنائع و بدائع کی دو قسمیں مقرر کی ہیں معنویہ، لفظیہ اور ہر قسم کے تحت کئی کئی قسمیں درج ہیں۔ لیکن جتنی قسمیں کہ درج ہیں اُن سے کہیں زیادہ اور مرتب ہو سکتی ہیں۔ مگر صنائع و بدائع پر دلدادگی فن شعر کے اصلی مقصد اور حقیقی تخیل سے محروم کر دیتی ہے۔

یہاں صنائع و بدائع کے بیان سے میرا منشا یہ نہیں کہ طبقہ شعرا اس طرف رجوع ہو، بلکہ جہل شئے سے علم شئے بہتر ہوتا ہے موقع و محل پر اگر اس کا استعمال کیا جائے تو ایک گراں بہا جوہر کا کام دیتا ہے اور اس فن میں غلو و استغراق شعر کو کہیں ضعیف المعنیٰ اور کہیں مہمل کر دیتا ہے۔ لیکن صنائع لفظیہ سے صنائع معنویہ

احسن ہیں ۔

منجملہ اور صنائع و بدائع کے یہاں چند منتخب درج کئے جاتے ہیں ۔

صنائع معنویہ

(۱) ایہام ۔ (۲) لف و نشر ۔ (۳) تلمیح ۔ (۴) براعۃ الاستہلال ۔ (۵) مبالغہ

صنائع لفظیہ

(۶) مراۃ النظیر ۔ (۷) طباق ۔ (۸) تشبیہ و تمثیل ۔ (۹) استعارہ ۔ (۱۰) کنایہ ۔ (۱۰) توشیح ۔ (۱۱) تجنیس ۔ (۱۲) مقلوب ۔ (۱۳) منقوطہ ۔ (۱۴) غیر منقوطہ ۔

ایہام ۔ ایسا لفظ استعمال کیا جائے جس کے دو معنی ہوں اور متکلم کو معنی بعید مراد ہوں ۔ مثلاً ؎

لام نستعلیق کا ہے اس بتِ خوش خط کی زلف
ہم تو کافر ہوں اگر بندے ہوں اسلام کے

لف و نشر ۔ لغت میں اس کے معنی لپیٹنے اور پراگندہ کرنے کے ہیں اور اصلاح علم بیان میں پہلے بیان کی تشریح کے ہیں اور اس کی دو قسمیں ہیں **مرتب، غیر مرتب** ۔ غیر مرتب کی پھر دو قسمیں ہیں ۔ **غیر مرتب باترتیب ۔ غیر مرتب بے ترتیب** ۔

مرتب کی مثال ؎

بریدو دریدو شکست و ببست
یلاں را سر و سینہ و پا و دست

پہلے مصرع میں پہلے برید ہے ۔ دوسرے مصرع میں اس کے متعلق

دوسرے نمبر پر واقع ہے۔ شکست کا علاقہ پا سے ہے اور ہر ایک تیسرے نمبر پہ واقع ہوئے ہیں۔ بست کی نسبت دست سے ہے اور ہر ایک چوتھے نمبر پر واقع ہیں۔ یعنے علی الترتیب پہلے مصرع کے واقعات اور متعلقات دوسرے مصرع میں بیان کئے گئے ہیں۔

غیر مرتب با ترتیب جیسے ؎

باغ میں دیکھوں گلاب و نرگس و سنبل اگر	زلفِ دلبر چشم دلبر روئے دلبر یاد آئیں

دوسرے مصرع میں اس ترتیب کو بالکل الٹ دیا ہے یعنے پہلے مصرع کے پہلے لفظ کی تشریح دوسرے مصرع کے آخر یعنے گلاہیں واقع ہوئی ہے۔ اور اسی طرح پہلے مصرع کی ترتیب کو قلب کرلیا ہے۔

غیر مرتب بے ترتیب۔ مثلاً ٹھنڈی[1] سانسیں اور آہیں[2] اور آنسو[3] کی جھڑی پہ ابر[3] و باد[1] و برق[2] کیا آکر یہاں مہمان ہیں پہلی دو مثالوں سے بالکل علیحدہ۔ نہ ترتیب رہی اور نہ اس کا عکس رھا بلکہ بے ترتیبی رہی جیسا کہ ہندسے ڈال کر تبلا دیا گیا ہے۔

تلمیح۔ لغت میں اس کے معنی متجسس نگاہ کرنے کے ہیں۔ اصطلاح علم بیان میں ایسا لفظ استعمال کرنے کے ہیں جس سے کسی قصے یا واقعے یا مسئلے کی طرف اشارہ مقصود ہو۔ ؎

محمد مصطفےٰ صلِّ علیٰ کا مرتبہ وہ ہے	کہ دم کے دم میں سیرِ گنبدِ افلاک کر بیٹھے

سیر گنبد افلاک سے معراج شریف کی طرف اشارہ ہے۔ جو ایک واقعہ ہے۔

براعۃ الاستہلال۔ لغت میں نعرت کرانے والی آواز کے معنی ہیں اور اصطلاح علم بیان میں۔ کسی کلام یا قصیدے یا مثنوی کی ابتدا یوں شروع کی جائے کہ متکلم کے ذہنی معنی کا پتہ اُن الفاظ سے ملجائے جو ابتدا میں استعمال کئے گئے تھے۔ مثلاً مثنوی لال و گوہر ؎

الٰہی دے مجھے رنگیں بیانی۔ عطا کر مجھ کو یاقوتِ معانی
سخن کا لعل دے میری زباں کو۔ دُر معنی سے بھر میرے بیاں کو

مبالغہ۔ کسی کی مدحت یا مذمت میں افراط کرنا۔ مبالغہ ایک اُس قسم کا ہوتا ہے جو ممدوح کے اوصاف کو اُس کی حد تک بلند کر کے بتلائیں جس کو قیاس قبول کرلے۔ اس کو مبالغہ کہتے ہیں۔ حضرتِ شیفتہ مرحوم غفران مکاں رحمۃ اللہ علیہ کی توصیف میں فرماتے ہیں۔ ؎

خاکساروں پہ کرم طینتِ سلطانی ہے ۔ دلِ اعدا پہ رقم سطوتِ سلطانی ہے

دشمنوں کے دلوں پر سلطان کا دبدبہ اور رعب چھانا ممکنات سے ہے

مبالغہ ایک اس قسم کا ہوتا ہے جس کو قیاس قبول نہ کرے گو یا محال سمجھے۔ اسی کو غلو و استغراق کہتے ہیں۔ جلال لکھنوی واجد علیشاہ کی مدح سرائی کرتے ہیں۔ ؎

وہ بارگاہ بلند احتشام ہے اِس کی ۔ کہ بارگاہِ سلیماں ہے پست جس کے حضور

واجد علیشاہ کی بارگاہ کے مقابل حضرت سلیمانؑ کی بارگاہ پست ہونا

قیاس قبول نہیں کرتا۔

حقیقتاً "شاعری" تشبیہ وتمثیل کے ایک پہلو سے مزین ہے۔

جس شاعری میں تشبیہ، استعارہ، کنایہ، اور تجرید نہ ہو وہ شاعری شاعری ہی

نہیں ہے۔

اہلِ عرب اور ان کے متبع اہلِ فارس نے تشبیہ وغیرہ کو شاعری کی

جان کہا ہے۔ اور اُن ہر دو کی ہاں تشبیہ و استعارہ اور کنایہ و تجرید وغیرہ پر کمال

دستگاہ رکھنا ہی عینِ شاعری ہے۔

مثلاً ابروئے معشوق کی تعریف میں یہ کہا جائے کہ: "اس کی بھوں

بہت عمدہ ہے"۔ تو نرا پھیکا پن ہے اور اسی بات کو اگر یوں کہا جائے:

اس کی بھوں تیغِ اجل ہے" اس کی بھوں ایک کھنچی ہوئی شمشیر ہے۔ اس کی

بھوں میں ہلالِ عید کا نقشہ ہے۔ یہ تیغ جوہر دار ہے، یہ حربہ عزرائیل ہے یہ

نونِ معکوسِ مشک سودہ ہے۔ کس قدر لطف پیدا ہو جاتا ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا ضرور ہے کہ کسی چیز کو اس سے اعلیٰ شئے سے

مشابہت دینا ہی تشبیہ نہیں ہے۔ بلکہ کسی اچھی چیز کو اس سے بدتر شئے سے بھی

مشابہت دینا جس سے ضم کا پہلو نکلے یہ بھی تشبیہ کہلاتی ہے۔

فائدہ (۱) مراۃ النظیر بھی ایک صنعت کا نام ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ

ایسے کئی الفاظ جمع کرنا جو سلسلۂ موجودات میں ایک دوسرے سے قریب ہیں اور مناسبت رکھتے ہیں مثلاً باغ۔ پھول۔ پھل۔ درخت۔ شاخ۔ شگوفہ وغیرہ یا مسجد۔ زاہد۔ عبادت۔ محراب۔ منبر۔ تسبیح۔ مصلّٰی وغیرہ **لیکن** ایسے مناسبات کا معنوی پہلو ہوتا ہے تو تشبیہ یا استعارہ کہلاتا ہے۔

فائدہ (۲) شعر میں دو ایسے الفاظ جمع کرنا۔ جو آپس میں مخالف یا ضد ہوں جیسے :۔ نیکی۔ بدی۔ حق۔ باطل۔ اس کو صنعتِ طباق یا تضاد کہتے ہیں۔

تشبیہ و تمثیل۔ تشبیہ کی معنی لغت میں یہ ہے کہ ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مشابہ و شریک و مثل کریں۔ یا مثال دیں۔ اور اصطلاح علم بیان میں دو چیزوں کو ایک معنی میں شریک کرنے کو کہتے ہیں۔

شئے اول جس کو تشبیہ دینا ہو۔ **مشبّہ** یعنے مشابہ کی گئی۔ اور دوسری شئے جس سے مشابہ کی جارہی ہے **مشبّہ بہ** اور جس میں دونوں شریک ہیں (بلحاظ اس صفت کے جو مطلوب ہے) **وجہ شبہ** یعنے مشابہ ہونے کی وجہ۔ اور بلحاظ لفظ کے جو حرف کہ آپس میں مثال پیدا کرے **حرف تشبیہ** کہتے ہیں۔ مگر یہ ضرور ہے کہ مشبّہ اور مشبّہ بہ اس صفت سے جس سے آپس میں ملائے جارہے ہیں ایک ہوں اور دوسری صفتوں میں جدا ہوں۔ جیسے معشوق کے رخسار اور پھول۔ کہ حقیقت میں دونوں علحدہ ہیں لیکن۔ سرخی، تازگی

نزاکت کی صنعت دونوں میں پائی جاتی ہے۔ اور اگر مشبہ و مشبہ بہ ہر صفت اور حقیقت میں آپس میں ہم جنس ہوں تو تشبیہ باطل ہو جاتی ہے۔ تشبیہ کی یہ اصل تعریف تھی جو بیان کی گئی مگر اہل نظر نے اس کی کئی قسمیں مقرر کی ہیں۔ مثلاً تشبیہ مجمل۔ تشبیہ مفصل۔ تشبیہ کامل۔ تشبیہ ناقص۔ تشبیہ تام۔ تشبیہ مشروط۔ تشبیہ عکس۔ تشبیہ تضحیک۔ تشبیہ تسویہ۔ تشبیہ مفرد۔ تشبیہ مرکب۔ تشبیہ مرسل۔ تشبیہ موکد۔ تشبیہ مطلق۔ تشبیہ متحرک بہ متحرک وساکن بہ ساکن۔ تشبیہ بالکنایہ۔ تشبیہ بااستعارہ وغیرہ۔

بہتر تشبیہ وہی ہے جس کو اُلٹ کر بھی تشبیہ کے طور پر استعمال کر سکیں مثلاً ہلال کو نعل کہیں اور نعل کو ہلال۔ زلف کو رات کہیں اور رات کو زلف۔

اسی طرح تشبیہ ناقص وہ ہوتی جس میں تنافر ہو یا وہمی ہو یا مماثلت برابر نہ ہو یا مبالغہ غلو و استغراق کی حد تک پہنچ جائے۔ جیسے ابرو کو موج دریائے مشک کہیں۔ جب کہ دریائے مشک کا وجود ہی نہیں ہے تو پھر اس کی موج کہاں۔

غرض ان تمام میں تشبیہ متحرک بہ متحرک اور ساکن بہ ساکن نازک اور مشکل تشبیہ ہے۔

استعارہ۔ لغت میں اس کے معنی کسی چیز کا رعایتہً مانگنا۔ علم بیان میں ایک چیز کے سلئے دوسری چیز مانگ لینے کو کہتے ہیں اور یہ مجاز کی ایک قسم ہے۔ جس میں حقیقی اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے گویا

حقیقی معنی کا لباس مانگ کر عاریتہً مجازی معنے کو پہناتے ہیں۔

جیسے **گلاب** کہ جب معروف پھول کے لئے مستعمل ہو جو اسی کے لئے وضع ہوا ہے تو اسے حقیقت اور اس کے معنی کو حقیقی کہتے ہیں اور اگر معشوق کے چہرے کے لئے مستعمل ہو تو اُسے مجاز کہتے ہیں اور اُس معنی کو مجازی جو حقیقی کی ضد ہیں لیکن حقیقی اور مجازی میں کسی علاقے کا ہونا ضرور ہے۔ اور اس علاقے کو (جو ایک قسم کی تشبیہ بھی ہے) استعارہ کہتے ہیں۔

مشبّہ کو مستعار لہٗ۔ مشبہ بہ کو مستعار منہ۔ وجہ شبہ کو وجہ جامع کہتے ہیں۔

استعارے میں مشبّہ بعینہٖ مشبّہ بہ قرار دیا جاتا ہے اس لئے مشبّہ اور مشبہ بہ ہر دو میں صرف ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔ (یہی عین استعارہ ہے)

اقسام استعارہ کئی ہیں اُن میں سے استعارہ بالتصریح۔ استعارہ بالکنایہ استعارہ تخیلیہ زیادہ مروج ہیں۔ آفتاب کہیں معشوق کا چہرہ مراد لیں۔ ہلال کہیں معشوق کی ابرو۔ اسے استعارہ بالتصریح کہیں گے۔

جب مشبّہ مذکور ہو اور مشبہ بہ کا ذکر نہ کیا جائے تو استعارہ بالکنایہ کہیں گے جیسے ع دیکھ کر ماہ صفر ہم دیکھتے ہیں روئے یار۔ مشہور ہے کہ صفر کا چاند دیکھکر آئینہ دیکھیں اور اسی مصرع میں روئے یار کو آئینے سے استعارہ کیا ہے جو مشبہ ہونے کے باوجود مذکور ہے اور آئینہ جو مشبّہ بہ اور خارج ہے مگر دیکھنا جو جبہ

سمجھی جارہی ہے اِس لئے روئے یار استعارہ بالکنایہ اور دیکھنا استعارہ تخئیلیہ ہے اور کبھی اس کا عکس بھی ہو جاتا ہے۔ یعنے استعارہ تخئیلیہ مقدم ہوکر استعارہ بالکنایہ کیطرف مضاف ہو جاتا ہے۔

کنایہ۔ لغت میں سخن پوشیدہ کو کہتے ہیں یعنے کسی بات کو واضح بیان نہ کرنا اور اصطلاح علم بیان میں کنایہ کے دو معنی ہیں۔ اول مصدری معنی۔ ذکر کرنا لازم کا اور مراد ہونا ملزوم کا۔ مع جائز ہونے ارادہ لازمی کے۔ دوّم وہ لفظ ہے جس کے معنی مراد نہ ہوں۔ بلکہ حقیقی شئے مراد ہو۔ لیکن اگر کہیں معنی بھی مراد ہوں تو مضائقہ نہیں۔ مثلاً **طویل النجاد**۔ لمبے پر تلے والا۔ یعنے جس کا پرتلا لمبا ہو۔ اور لمبے پر تلے کیلئے قد کا بھی لمبا ہونا لازمی ہے۔ پس طویل النجاد سے لمبے قد کا آدمی کنایہ ہے اور اگر طویل النجاد سے محض پرتلے کی درازی بھی مراد ہو تو ہو سکتا ہے۔

کنایہ۔ اس کی تین قسمیں ہیں:۔ **اوّل**۔ جس سے موصوف کی ذات مراد ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ قریب و بعید۔ قریب کی مثال جیسے "کالے سر والا" آدمی سے کنایہ ہے بعید کی مثال جیسے "حیوان" کہ قد اس کا سیدھا ہو اور ناخن اس کے چوڑے ہوں یعنے حیوان ہو، قد سیدھا ہو۔ ناخن چوڑے ہوں۔ انسان سے کنایہ ہے۔ گو یہ تینوں صفتیں اور اور حیوانوں میں علٰحدہ علٰحدہ موجود ہیں۔ مگر اجتماعی طور پر انسان میں جمع ہیں۔

دوّم۔ جس سے موصوف کی صفت مراد ہو۔ جیسے سخاوت، شجاعت

علم، فضل، اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔ قریب و بعید۔ اور پھر قریب کی دو قسمیں ہیں خفی و جلی۔ خفی کی مثال۔ لمبے قد کا آدمی۔ چھوٹے قد کا آدمی۔ لمبے قد میں احمق سے کنایہ ہے۔ چھوٹے قد میں شریر سے کنایہ ہے۔ جلی کی مثال۔ سیاہ ریش جس سے جوانی سمجھی جائے۔ سفید ریش جس سے پیری سمجھی جائے۔

بعید۔ کثیر الرّماد۔ سخی آدمی سے کنایہ ہے یعنے بہت راکھ والا۔ اس میں متعدد واسطے ہیں مثلاً بہت راکھ بہت لکڑی جلنے سے ہوتی ہے۔ لکڑیوں کا کثرت سے جلنا۔ کھانا زیادہ پکنے پر دلالت کرتا ہے اور کھانا افراط سے پکتا موقوف ہے مہانوں کی زیادتی پر۔ اور مہانوں کی زیادتی موقوف ہے سخاوت پر۔

سوم کسی امر کا اثبات یا نفی ثابت کرنا۔ اثبات کی مثال:- یہ تو "اسی کا جامہ پہنے ہوئے ہے" یعنے کمال درجہ اس کی حمایت اور رعایت کرتا ہے۔ نفی کی مثال:- "کنوئیں میں بھنگ پڑی ہوئی ہے"۔ یہ ضرب المثل ہے اور اس موقع پر استعمال کرتے ہیں کہ ایک جگہ سب لوگ کسی بُرے کام پر متفق ہو جائیں اور اس بُرے کام کی قباحت کسی کے ذہن میں نہ آئے اس سے یہ مراد ہوتی ہے کہ کسی میں عقل نہیں ہے اس لئے کہ جب کسی کوئیں میں بھنگ پڑیگی تو اس کا اثر پانی میں ہوگا اور وہ پانی وہاں رہنے والے سب لوگ پئیں گے اور سب کو نشہ ہوگا۔ پھر سب کی عقل زائل ہو جائیگی۔

توضیح۔ اصطلاح علم بیان میں اس کا مطلب یہ ہے کہ چند

ایسے اشعار لکھے جائیں جن کے ہر شعر کا پہلا حرف یا ہر مصرع کا پہلا حرف یا شعر یا مصرع کا حرف اول و آخر جمع کرنے سے کسی کا نام برآمد ہو یا اُن حروف کے اعداد جمع کرنے سے کوئی تاریخی مادہ نکلے۔ جیسے

مسلماں وہی ہے وہی ہے سعید
محبوں پہ لازم ہے حضرت کی مدح

تجنیس۔ صنعتِ لفظی سے یہ بھی ایک صنعت ہے۔ اِس کی تعریف یہ ہے کہ دو لفظ تلفظ میں مشابہ بصورت ہوں اور متغائر بمعنی۔ اس کی کئی قسمیں ہیں مثلاً مطرف۔ زاید۔ ناقص۔ مرکب۔ تام۔ مکرر۔ خطی۔ وغیرہ مگر یہاں صرف تام۔ مکرر۔ خطی کا ذکر ہوگا۔

تام بمعنی کامل۔ تسلیم لکھنوی ؎

نہ سُن سکتے ہیں کانوں سے نہ منہ سے بول سکتے ہیں
نہیں معلوم کیا گذری گل و بلبل کو سکتے ہیں

"سکتے" کا ایک ہی لفظ ہے مگر دو مقام پر دو علیحدہ معنوں میں واقع ہوا ہے۔

مکرر یا مزدوج۔ دو ہم جنس لفظ بغیر فاصلے کے مل کر واقع ہوں جیسے

ع غیر پر تم کو بھروسہ حیف حیف

خطی نظم و نثر میں ہمشکل الفاظ استعمال کئے جائیں اور معنی آپس میں مختلف ہوں۔ جیسے اَنَسؓ نام مشہور صحابی کا۔ اِنس یعنی انسان۔ اُنس بمعنی محبت حضرت شیفتہ مرحوم کا شعر ہے

حضرت خیر الوریٰ کو اُن سے بحد اُنس تھا
[illegible]

(میں نے فصلِ دوم میں چھ سات سو لفظ تجنیس خطّی کے جمع کر دیئے ہیں۔)

مقلوب - یہ بھی ایک صنعت لفظی کا نام ہے۔ مگر بعض علمائے معانی وبیان نے اسے بھی صنعت تجنیس کی ایک شاخ گردانی ہے اور بعض علما اس کو ایک علٰحدہ صنعت لکھتے ہیں۔

اس کی تعریف یہ ہے کہ اگر کسی لفظ یا جملے یا عبارت یا مصرع یا شعر کو اُلٹ کر پڑھیں تو ایسی صورت میں بھی بعینہ وہی لفظ یا جملہ یا عبارت یا مصرع یا شعر حاصل ہو۔ کلاک۔ مادام۔ وہ ہو۔ یہ ہے۔ الم ملا۔ ع آرام ہمارا ہے یہ آرام ہمارا۔ اس کی چار قسمیں ہیں مستوی۔ جزوی یا بعض۔ کل۔ مجنح۔ **مستوی** کی مثال تو اوپر گذر چکی۔ **جزوی یا بعض**۔ بعض حروف کو مقدم و موخر کرلینا۔ جیسے گبر۔ برگ محروم۔ مرحوم۔ گناہ۔ نگاہ۔ چنانچہ حضرتِ شیفتہ مرحوم کا شعر

مرتا ہوں آکے دیکھ لو اپنی نگاہ سے ۔۔۔ کیوں اسقدر کشیدہ ہو مجھ بے گناہ سے

جزوی کی ایک شکل یہ بھی ہے۔ مثلاً نظیری کا شعر ؎

بامن اکنوں عتاب دارد دلبر ۔۔۔ خرمن خرمن ز زلفِ عنبر بارد

یہ شعر اس طرح مقلوب ہوگا کہ اس کا جزو جزو علٰحدہ علٰحدہ مقلوب ہو۔ مذکورہ شعر جزوی قلب سے یہ شکل پیدا کریگا۔ ؎

دلبر دارد عتاب اکنوں بامن ۔۔۔ عنبر بارد ز زلف خرمن خرمن

یہ حضرت شیفتہ۔ مرحوم کا شعر ؎

جادو باتیں عارض روشن شوخی رہزن ابرو خنجر

آہو آنکھیں نشتر مژگاں ہم نے پایا ایسا دلبر

اس شعر کے جزو جزو مقلوب کریں تو یوں پڑھا جائیگا۔ ؎

خنجر ابرو شوخی رہزن عارض روشن باتیں جادو

دلبر ایسا ہم نے پایا مژگاں نشتر آنکھیں آہو

اس قسم کے جزوی قلب کو بعض اساتذہ نے مقلوب مستوی میں ہی شمار کیا ہے۔

کل۔ بلا تبدیل حروف آخر سے پڑھنا۔ جیسے روح۔ حور۔ شراب۔ بارش

حضرت شیفتہ مرحوم کا شعر۔ ؎

ترا نظارہ جو اے رشکِ حور میں نے کیا
پری جمالوں کی صحبت سے روح گھبرائی

مجنع۔ اس کو کہتے ہیں کہ لفظ مقلوب شعر یا مصرع کے اول یا آخر میں واقع ہو۔ جیسے تیار۔ رایت۔ حضرت استادی شیفتہ مرحوم کا شعر۔ ؎

تیار لئے ہوئے تھے جبریل
کعبے پہ برائے نصب رایت

منقوطہ۔ یا معجمہ۔ وہ لفظ یا کلام جس میں تمام حروف نقطہ دار ہوں جیسے نبی۔ جنت۔ تیغ۔ تیز۔ دبیر لکھنوی کا مصرع جنت بخشی نبی نے جنت بخشی

چونکہ صنعت منقوطہ مشکل سمجھی جاتی ہے (وجہ مشکل یہ قرار پائی ہے کہ الفاظ منقوطہ بہت کم پائے جاتے ہیں) اس لئے یہ صنعت سوائے دماغ پاشی کے اور کوئی [illegible]

پیدا نہیں کرسکتی۔

غیر منقوطہ۔ یا مہملہ۔ وہ لفظ یا کلام جس کے تمام حروف غیر منقوطہ ہوں جیسے لفظ اللہ۔ رسول۔ سرگرم۔ سلک گوہر۔ کلاہ مرصع۔ حضرت استادی شیفتہ کنتوری مرحوم کی رباعی۔

کاکل کا سلسلہ ہوا روح کو دام
مطمورۂ دل ہوا محل آلام
حاصل ہم کو ہو اگر اس حور کا وصل
مسرور ہو روح اور دل کو آرام

عربی میں قرآن مجید کی تفسیر مسمی بہ **سواطع الالہام**۔ فیضی نے تصنیف کی ہے۔ فارسی میں اکثر شعرا کے قصائد و قطعات ہیں۔ چنانچہ مجیر شاعر کہتا ہے۔

کہ کردگار کرم کرد مرد دار عالم
کہ کرد اساس مکارم ممہد و محکم
عماد عالم و عدل و سوار ساعد ملک
اساس طارم اسلام و سرور عالم

انشا نے بھی ایک مثنوی اور ایک مختصر دیوان اردو زبان میں غیر منقوطہ لکھا ہے۔ چنانچہ دیوان کا مطلع ہے۔

اور کس کا آسرا ہو سرگروہ اس راہ کا
آسرا اللہ اور آل رسول اللہ کا

میں نے تلاش کرکے پانچسو کے قریب الفاظ منقوطہ اور تقریباً ڈھائی ہزار الفاظ غیر منقوطہ فصل دوم میں لکھ دیے ہیں۔

فصل (۲)

الفاظِ تجنیساتِ خطّی

دو حرفی الفاظ۔ آب۔ اب۔ آپ۔ بر۔ بَر۔ بُر۔ پَر۔ پُر۔ تر۔ بز۔ بر۔ ہر۔ بد۔ ید۔ ند۔ اس۔ آش۔ کُن۔ گُن۔ گن۔ جد۔ حد۔ خد۔ در۔ دُر۔ ڈر۔ سر۔ سِر۔ سُر۔ شر۔ جو۔ جُو۔ خو۔ حس۔ خس۔ جس۔ شک۔ سگ۔ بَل۔ پل۔ یل۔ ہل۔ بَن۔ بِن۔ بُن۔ تَن۔ تِن۔ پے۔ نے۔ زر۔ رز۔ زڑ۔ حظ۔ خط۔ جَب۔ جُب۔ حَب۔ حُب۔ چپ۔ چت۔ چٹ۔ چُپ۔ سب۔ شب۔ ست۔ صد۔ ضِد۔ غَل۔ غُل۔ کَل۔ کُل۔ گَل۔ گُل۔ بت۔ تپ۔ تب۔ بٹ۔ بس۔ پس۔ دِل۔ دَل۔ عَد۔ عَذ۔ حَل۔ خَل۔ جَل۔ جُل۔ چل۔ چِل۔ دَم۔ دُم۔ ذم۔ کَم۔ کُم۔ گُم۔ سَم۔ سُم۔ شم۔ عم۔ غم۔ بو۔ تو۔ نو۔ رَن۔ زن۔ نَم۔ یَم۔ تُم۔ جَم۔ چم۔ خم۔ نَم۔ قم۔ قُم۔ بِل۔ نَل۔ ٹُل۔

سہ حرفی الفاظ۔ اَنس۔ اِنس۔ اُنس۔ آتش۔ ابر۔ اثر۔ بند۔ پند۔ تند۔ بَنید۔ ہید۔ بیر۔ تیر۔ بتر۔ پیر۔ تیز۔ بتر۔ ہنر۔ پنیر۔ بیر۔ بیر۔ باک۔ پاک۔ تاک۔ ناک

ناگ۔ باگ۔ چاک۔ خاک۔ جار۔ چار۔ حار۔ خار۔ جَبل۔ جِیل۔ جَبل۔ خَیل۔ جَیل۔ چِیل۔

زار۔ راز۔ بار۔ تار۔ ناز۔ باز۔ باڑ۔ جَبت۔ چُست۔ جِست۔ خُشت۔ حَسب۔ خَشب۔

جدا خدا۔ فلک۔ فُلک۔ بام۔ تام۔ نام۔ جام۔ حام۔ خام۔ سام۔ شام۔ خبر۔ خیر۔ چتر

چنبر۔ جبر۔ جر۔ علم۔ علم۔ سوز۔ شور۔ سُور۔ سُوز۔ چین۔ غش۔ حسن۔ جُبن۔ چمن۔ ملک

مَلِک۔ مِلک۔ مُلک۔ باب۔ تاب۔ ناپ۔ بات۔ پاٹ۔ ٹاٹ۔ کرم۔ گرم۔ کرم۔ بزم۔ جرم

کام۔ گام۔ جسم۔ چشم۔ خشم۔ حشم۔ دعا۔ دغا۔ سفر۔ سقر۔ سنت۔ سبب۔ شیب۔ سیب۔

سب۔ سیپ۔ کوس۔ گوش۔ جوش۔ خوش۔ دین۔ دِین۔ دہان۔ ذہن۔ سحر۔ سحر۔

شجر۔ گرہ۔ گرہ۔ سوق۔ شوق۔ سُوق۔ حَسن۔ حُسن۔ جشن۔ مہر۔ مہر۔ مُہر۔ خنک۔ چنگ

خنک۔ خنک۔ تنگ۔ تنگ۔ پیک۔ تنک۔ نیک۔ بیگ۔ رنگ۔ زنگ۔ ریگ۔

درد۔ دزد۔ کور۔ گور۔ ورد۔ ورد۔ حال۔ خال۔ جال۔ چال۔ بال۔ پال۔ تال۔ نال۔

قال۔ فال۔ بالا۔ پالا۔ میلا۔ میلا۔ فنا۔ قبا۔ عبا۔ عنا۔ غنا۔ قضا۔ قصا۔ غصب۔

غضب۔ عرب۔ غرب۔ عزت۔ گہر۔ گہر۔ سخت۔ تخت۔ حجت۔ حجب۔ غیب۔ عیب

عبث۔ عنب۔ عنب۔ بیش۔ بیش۔ پیش۔ تیش۔ ثوت۔ سوت۔ عرب۔ حرب۔

چرب۔ خرب۔ حزب۔ خوب۔ حوت۔ چوب۔ جنت۔ جیب۔ جنب۔ جنب۔ نبث۔

سیت۔ بنت۔ نیت۔ نیت۔ بیٹ۔ علو۔ غلو۔ ہیب۔ زیب۔ منت۔ منت۔ میت

توپ۔ نوٹ۔ لوٹ۔ پوٹ۔ ٹوٹ۔ زیت۔ زہت۔ ریت۔ باج۔ تاج۔ ناج۔ کنج۔ گنج۔

برج۔ برج۔ نخ۔ برج۔ سیج۔ دُور۔ دُور۔ سرج۔ شرج۔ سرخ۔ زوج۔ روح۔ فرج

فرخ۔ شوخ۔ سوچ۔ جرح۔ حرح۔ خرج۔ خرچ۔ باد۔ یاد۔ سیّد۔ سند۔ شید۔

بند۔ کبد۔ کند۔ کند۔ جند۔ جند۔ گرد۔ گرد۔ گرد۔ میز۔ میز۔ جلد۔ جلد۔ خلد۔ قند۔

قید۔ سکر۔ شکر۔ شکر۔ برد۔ برد۔ عذر۔ غدر۔ ثمر۔ شمر۔ ظہر۔ ظہیر۔ بسر۔ بشر۔ پسر۔ پسر

جور۔ غور۔ خور۔ جوز۔ چور۔ چوڑ۔ جوڑ۔ طیر۔ طنز۔ گاہ۔ گاہ۔ جاہ۔ چاہ۔ رحم۔ زخم۔ رحم

کمر۔ مگر۔ کمڑ۔ ناس۔ یاس۔ پاس۔ باس۔ تاش۔ فرس۔ فرش۔ سیخ۔ شیخ۔ نقش۔

